LEGISLATIVE ASSEMBLY LIBRARY
HYDERABAD.

Vol. II
No. 14

Saturday
28th June, 1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

CONTENTS

		Page
1.	Demands for grants	873— 915
2.	Starred Questions and Answers	916— 923
3.	Business of the House	923— 924
4.	Demands for grants	924— 1001
5	Business of the House	1001

Price: Eight Annas.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

(*Fourteenth day of the Second Session*)

Saturday, 28th June, 1952

The House met at Nine of the Clock

[Mr Speaker in the Chair]

Demands for Grants

Mr Speaker : The hon Minister for Excise, Forests and Customs

اکسائیز فاریسٹس اینڈ کسٹمس منسٹر شری رنگا ریڈی - ادھیکش مہودے (अध्यक्ष महोद) میرے تین ڈیمانڈس (demands) کے متعلق ۱۲ آنریبل ممبروں نے تقریریں فرمائیں - ان میں سے بجز ایک صاحب کے باقی ۱۱ اصحاب نے بہت کچھ اس پر زور دیا کہ ان سررشتوں میں رشوت ستانی ہے اور عہدہ دار بددیانت ہیں جسکی وجہ سے لوگوں کو تکلیف ہو رہی ہے - ہمارے آنریبل ممبرس کو معلوم ہونا چاہئیے کہ ملک یا پورے اسٹیٹ کی آمدنی میں ان تینوں سررشتوں کی نصف سے زیادہ آمدنی ہوتی ہے - اسلئے جو کچھ برائیاں پورے اسٹیٹ میں ہیں اور جو کرپشن (Corruption) ہے ان کا بھی نصف سے زیادہ ان سررشتوں میں ہونا چاہئیے - (Laughter) - دنیا کے مہذب سے مہذب ملک میں بھی رشوت ستانی ہے - یہ دعویٰ نہیں کیا جاسکتا کہ یہ چیزیں یکلخت وہاں سے نکال دیگئی ہیں - انسان ہونے کے اعتبار سے کچھ نہ کچھ غلطیاں ہونی ضروری ہیں - اسلئے میں دیکھتا ہوں کہ ہمارے ان تینوں سررشتوں میں کرپشن موجود ہے - لیکن میں اپنے آنریبل ممبرس سے یہ کہونگا کہ وہ دیکھیں کہ رشوت ستانی کی حقیقی بنیاد کیا ہے - اگر تھوڑے سے پچھلے زمانہ کی طرف دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ رشوت ستانی کا جو واویلا مچا ہے وہ پہلے نہیں تھا - اسی طرح اگر ہم بتدریج نظر ڈالیں اور جانچیں تو معلوم ہوگا کہ رشوت ستانی محض عہدہ داران کی ہی نہیں بلکہ اسمیں نام نہاد سیاسی اداروں کا بھی زیادہ حصہ ہے - پرسوں مجھ سے ایک سوال کیا گیا تھا - اسکے جواب میں میں نے بہت صراحت سے کہا تھا - اسکے باوجود اسکو پیش نظر نہ رکھتے ہوئے وہی چیزیں دھرائی جارہی ہیں - اگر حقیقت میں اسکو جانچا جائے تو معلوم ہوگا کہ اگر رشوت ستانی کا ایک حصہ عہدہ داروں کی جانب سے ہے تو دو حصے دیگر اشخاص کے ہوتے ہیں جو اپنے آپ کو سیاسی اداروں سے متعلق ہونا بیان کرتے ہیں - اسلئے سوائے پاپولر منسٹر کے اور کوئی منسٹر اسکا انسداد نہیں کرسکتا - بدقسمتی یا خوش قسمتی سے نلگنڈہ یا ورنگل میں جن سیاسی پارٹیوں کا انتخاب ہوا ہے وہاں یہ کہا جارہا ہے کہ سب عہدہ داروں کو ان کی ہدایات کے موافق عمل کرنا ہوگا اگرچیکہ اسمیں کوئی قوت نہیں ہے - تو

یہ جو رشوت ستانی ہورہی ہے وہ محض عہدہ داروں کی جانب سے ہی نہیں بلکہ دوسری جانب سے بھی بہت چل رہی ہے - آپ نے دیکھا ہے کہ ناجائز بزنس کے سلسلہ میں ۳۲ لاکھ روپئے برآمد کرلئے گئے ہیں - تو اب آپ بتلائے کہ کس نے یہ روپئے برآمد کئے - انہی عہدہ داروں نے اس کو برآمد کیا جن کے متعلق آپ کہتے ہیں کہ وہ رشوت خوار ہیں - اگر وہ حقیقت میں رشوت خوار ہوتے تو پھر یہ بات کسطرح سمجھ میں آسکتی ہے کہ ۳۲ لاکھ روپئے انہوں نے برآمد کئے - اس سے بھی واضح ہوجائیگا کہ رشوت ستانی کے سلسلہ میں عہدہ داروں کا ہی حصہ نہیں ہوتا بلکہ دیگر اصحاب بھی اسمیں شامل ہوتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ جو واقعات بیان کئے جاتے ہیں وہ ان معلومات کی بناء پر کئے جاتے ہیں جو پاپولر گورنمنٹ (Popular Government) سے متعلق تھے - جس طرح اس سے پہلے سنٹرل گورنمنٹ (Central Government) یعنی کانگریس گورنمنٹ (Congress Govt.) نے یہاں پولیس ایکشن (Police Action) کیا اسی طرح ان دونوں سررشتوں یعنی جنگلات اور آبکاری پر پاپولر گورنمنٹ (Popular Govt.) نے پولیس ایکشن کیا ہے - اگر آپ کو تازہ معلومات ہوتے تو غالباً یہ بات نہیں کہی جاتی - اسمیں شک نہیں کہ تھوڑی بہت خامیاں ہیں جو یکلخت کیسے دور کی جاسکینگی ؟ اسمیں رفتہ رفتہ اصلاح کیجارہی ہے - یہ کہا جاتا ہے کہ انسپکٹر (Inspector) کی اگر ایک جائداد خالی ہوتی ہے تو ہزاروں درخواستیں پہنچ جاتی ہیں - کیونکہ اس میں رشوت ستانی کے مواقع زیادہ ہیں - یہ میں مانتا ہوں کہ جب کوئی ایسی جائداد خالی ہوتی ہے تو ہزاروں درخواستیں پیش ہوتی ہیں - لیکن آپ نے اخباروں میں پڑھا ہوگا کہ ایک جگہ ایک چپراسی کی جائداد خالی ہوئی تھی تو کئی گرائجویٹس - بی - اے اور ایم - اے کی درخواستیں پیش ہوئی تھیں - محض ایک خدمت کیلئے کئی درخواستوں کا پیش ہونا رشوت ستانی کی دلیل نہیں ہے - یہ بھی کہا گیا اور خاص طور پر منسٹر کا نام لیکر ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا گیا کہ جو تراشنے والے ہیں ان کی حالت سدھارنے کیلئے کوئی کوشش نہیں کیجاتی - میں سمجھتا ہوں کہ یہ اعتراض بھی آج کل کے انتظامات سے ناواقفیت کی بناء پر ہے - یہ بھی کہا گیا ہیکہ موجودہ صدرالمہام نے اپنا انتخاب ہوتے ہی پاپولیریٹی (Popularity) حاصل کرنے کے لئے اور وہ محض عوام کو دھوکہ دینے کے لئے " درخت تراشنے والے کے لئے " کا نعرہ لگایا -

شری وی - ڈی - دشپانڈے (اپا گوڑہ) - آنریبل منسٹر نے ٹھیک نہیں سمجھا - سنہ ۵۲-۱۹۵۱ع کی جو رپورٹ (Report) ہمیں دیگئی اوسیر سے یہ کہا گیا - لیٹسٹ رپورٹ (Latest Report) او یلیبل (Available) کرنے کی ذمہ داری بھی آنریبل منسٹر پر ہے ....

شری رنگا ریڈی - میں آنریبل ممبر سے درخواست کرونگا کہ وہ محض رپورٹ کو پیش نظر رکھکر تقریر نہ کریں بلکہ انہیں اپنی کانسٹی ٹیونسی (Constituency) میں دورہ کرکے اپ ٹوڈیٹ (Up-to-date) معلومات حاصل کرنا چاہئے -

شری وی ۔ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ لیکن ڈپارٹمنٹ میں جوری آرگنائزیسن(Re-orga- nisation) ہوتا ہے وہ ہمکو کیسے معلوم ہوگا ؟

شری رنگا ریڈی ۔ پاپولر منسٹر (Popular Minister) نے جو نعرہ لگایا ہے جب تک اوسکی جانچ نہ کرلی جائے ہاؤس میں یہ کہنا کہ صرف پاپولرٹی حاصل کرنے کا نعرہ لگایا گیا ہے صحیح نہیں ہوگا ۔ لیکن میں یہ بتاؤنگا کہ جو نعرہ لگایا گیا ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے ۔ لیکن میں یہ بھی بتاؤنگا کہ یہاں تو ایک تقریر کی جاتی ہے ۔ لیکن خود تقریر کے پیرو اسکے خلاف عمل کرتے ہیں ۔ ہمنے جس طرح ” زمین کاشت کرنے والے کے لئے ،، کا نعرہ لگایا اسی طرح ” درخت تراشنے والے کے لئے ،، کا نعرہ بھی بلند کیا ۔ یہ کوئی پاپولرٹی حاصل کرنے کے لئے نہیں کیا گیا بلکہ حقیقی طور پر اس کو عمل میں لانے کے لئے لگایا گیا ہے ۔ گو زمینات کی حدتک مجھے معلوم ہے کہ کچھ عرصہ سے یہ نعرہ لگایا جا رہا ہے لیکن اسکے مطابق اب تک کلیتاً عمل نہیں ہوا ہے ۔ یہ جو ” درخت تراشنے والے کے لئے ،، کا نعرہ ہے اس پر نصف حدتک عمل ہوچکا ہے ۔ یہ نعرہ اس وجہ سے لگایا گیا ہے کہ درخت تراشنے والے کو راست طور پر ملے ۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ تین ماہ کی دھڑوت داخل کرنے پر درخت دئے جاتے تھے ۔ چونکہ غریب اتنی رقم داخل نہیں کرسکتے تھے اسلئے سرمایہ دار مستاجرین درخت لیکر نفع حاصل کر رہے تھے ۔ اب ہم یہ چاہتے ہیں کہ ایسے نفع حاصل کرنے والے مستاجر درمیان سے ہٹ جائیں اور حکومت اور درخت تراشنے والے کے درمیان راست تعلق رہے ۔ کیونکہ مستاجرین کے رہنے سے کلالوں کو موقع نہیں ملتا اور دن بدن بیروزگاری بڑھتی جا رہی ہے ۔ اس عمل سے بڑی حدتک بیروزگاری ختم ہو جائیگی ۔ اور جو دوسرے نقائص اس میں ہیں وہ بھی دور ہوجائینگے ۔ اسکے متعلق میں نے کسی ایک سوال کے جواب میں کہا تھا کہ یہ اسکیم میں نے مرتب کی ہے اور عہدہ داروں کی ایک کانفرنس (Conference) میں اسکے متعلق غور کیا گیا ہے ۔ ایک سب کمیٹی (Sub-Committee) قواعد مرتب کرنے کے لئے تشکیل دیگئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک ہفتہ کے اندر اسکو کیبنٹ (Cabinet) میں پیش کردیا جائیگا ۔ نلگنڈہ ، ورنگل اور کریم نگر کے تعلقوں میں اسکو فی الحال نافذ کیا جائیگا ۔ میں نے کلالوں سے مشورہ کرنے کے لئے نلگنڈہ اور ورنگل ضلعوں کے تعلقات کا دورہ کیا ہے ۔ لیکن مجھے یہ کہنے کے لئے معاف کیا جائے کہ سیاسی پارٹی کے بعض لوگ ہر موضع اور ہر تعلقہ کے مستقر میں سے پہلے پہنچ گئے اور کلالوں سے جو وہاں میری آمد کے انتظار میں جمع تھے کہا گیا کہ یہ اسکیم محض ایک تماشا ہے ۔ اس پرعمل کرنے کی ضرورت نہیں اور نہ صدر المہام جو کچھ کہتا ہے اوسکو سننے کی ضرورت ہے ۔ اس طرح ان کو منتشر کرنے کی کوشش کی گئی ۔ ایک طرف یہاں اسمبلی (Assembly) میں کہا جاتا ہے کہ گتہ داران جو نفع حاصل کر رہے ہیں انہیں نکال دیا جائے اور دوسری طرف جب پاپولرمنسٹر (Popular Minister) ان کی بھلائی کے لئے اور گتہ داروں کی مناپلی (Monopoly) کو ختم کرنے کے لئے کوئی قدم اٹھاتا ہے تو اسکی کوششوں کو ناکام کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ اگر چیکہ یہ کوشش کسی موقع

در کامیاب نہیں ہوئی ۔ صرف سرپا بیٹھ نہیں جن کلالوں کو فرار کیا جاسکا ۔ آپ کی کوششوں سے غریب کلالوں کو فائدہ پہونچیگا یا ہماری کوششوں سے فائدہ ہوگا ؟ ڈی ۔ ڈی ۔ اتل نے مساجر کو معاملات کی سالانہ دینے کے متعلق جو کچھ کہا گیا ہے وہ بے بنیاد ہے آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ اس وقت جو سسٹم (System) ہے اسکے تحت معاملات کا ہراج ہوا کرتا ہے اور اس کے لئے ایک تاریخ مقرر کی جاتی ہے ۔ اس میں جو شخص زیادہ بولی بولتا ہے وہ اوسکو حاصل کرلیتا ہے ۔ ایکسال کے لئے اوسکو معاملہ دیا جاتا ہے ۔ لیکن میں یہ کہونگا کہ جو اس فن کو اچھی طرح جانتا ہے اور معاملہ کو چلانے کی اہلیت رکھتا ہے وہی اس معاملہ کو لیتا ہے ۔ اوس میں جو مہارت رکھتا ہے اور جس میں ایسی صلاحیت ہوتی ہے وہی معاملات کو چلا کر نفع حاصل کرسکتا ہے ۔

چونکہ ڈی ۔ ڈی ۔ اتالہ صاحب کا یہ موروثی دھندا ہے اور ان میں استطاعت بھی ہے ۔ وہ اس فن میں ماہر ہیں اسلئے وہ ہراج میں معاملات لیتے ہیں ۔ یہ سسٹم کا تصور نہیں ہے ۔ مدراس سسٹم (Madras System) جبتک رہیگا اس وقت تک ہراج میں زیادہ بولی بولنے والے کو ہی معاملہ آبکاری مل سکیگا ۔ البتہ میں جو سسٹم رائج کرنے کی کوشش کررہا ہوں جس میں درخت پر رقم کی ایک حد مقرر کردی گئی ہے ۔ اس سسٹم میں غریب لوگوں کو بھی درخت حاصل کرنے کا موقع ملیگا ۔

جنگلات کے متعلق بھی دو متضاد خیالات کا اظہار کیا گیا ہے ۔ ایک یہ خیال کہ جنگل کی رکشا (रक्षा) کرنا چاہئے اور دوسرا یہ خیال کہ جنگل کے رقبے کو کاشت کے لئے دیدینا چاہئے ۔ آنریبل ممبرس خود مشورہ کرکے یہ طے کرلیں کہ کونسا طریقہ اختیار کرنا چاہئے ۔ جب آنریبل ممبرس کے خیالات میں خود اتنا اختلاف ہو تو گورنمنٹ کیا کرسکتی ہے ؟ مختلف خیالات کے باوجود گورنمنٹ نے دونوں نقاط نظر کا خیال رکھا ہے اور اسکو ملحوظ رکھتے ہوئے آگے بڑھ رہی ہے ۔ جنگل کا وجود ملک کے لئے نہایت ضروری اور اہم ہے ۔ جنگل کی وجہ سے درختوں کے سبز پتوں کی ہوا سے فصول جاندار مویشی اور انسان تازہ اور صحت بخش ہوا حاصل کرتے ہیں ملک میں ٹھنڈک رہتی ہے ۔ غرض بہت سے فائدے ہیں ۔ ہندوستان میں جنگلات کے رقبے کو ⅓ کی حد تک بڑھانے کا تصفیہ کیا گیا ہے ۔ اور حکومت حیدرآباد نے یہ مان لیا ہے کہ ۲۰ فیصد بڑھایا جائے ۔ یہاں ۱۱ فیصد جنگلات موجود تھے اور جاگیرات کے انضمام کے بعد یہ رقبہ ۱۰ فیصد ہوگیا ہے ۔ اب بھی ۱۰ فیصد کی کمی ہے ۔ اسکو پورا کرنا ہے ۔ کاشت کے لئے جنگلات کے رقبے کا استعمال کرنا کوئی صحیح بات ہوگی ۔ کاشت کے لئے پڑاؤ زمینات کو کام میں لایا جاسکتا ہے ۔ میں "غلہ زیادہ اگاؤ" کی اسکیم کا بھی حامی ہوں ۔ میں بھی اسکو مانتا ہوں ۔ لیکن جنگل کو اس غرض کے لئے برباد نہیں کیا جاسکتا ۔ جنگلات ملک کے نفع کیلئے ضروری ہیں ۔ ملک کے نفع کے مقابلہ میں انفرادی نفع کو ترجیح نہیں دی جاسکتی ۔ جو لوگ انفرادی نفع چاہتے ہیں وہ ایسی خواہش رکھتے ہیں ۔ لیکن اجتماعی نفع کو بڑھانے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ بعض لوگوں نے پولیس ایکشن کے بعد سرمایہ زمینات پر کاشت شروع کردی ۔ کیسی کہا جاتا ہے

نہیں لی گئی ۔ یہ سمجھا گیا کہ کوئی حکومت ہی نہیں ہے ۔ آزادی سے ہر شخص کو من مانے درخت کاٹنے کا حق ملگیا ہے ۔ یہ سمجھکر درخت کاٹے گئے ۔ گائیران اور پرموک زمینات پر قبضہ کرلیا گیا ۔ بعض عہدہ داروں نے پٹے بھی دئے ۔ ملک کارکنوں نے بھی ترغیب دی کہ جس زمین پر چاہے کاشت کرسکتے ہیں ۔ ایسی باتوں سے ملک میں تباہی آنے کا امکان ہوتا ہے ۔ اوس زمانے میں کوئی شخص جانور نہیں رکھ سکتا تھا ۔ کھیت جلا دئے جاتے تھے ۔ جنگل سے فوائد حاصل کرنا دشوار ہوگیا تھا ۔ منسٹروں نے اس پر غور کیا کہ کس طرح ملک کو تباہی سے بچایا جائے ۔ میرے پیشرو منسٹر نے ایک گشتی جاری کی جسکی وجہ سے دوسرے زمانہ میں کاشت کرنے میں کمی ہوئی ۔ دوسری زمینوں پر کاشت کرنے میں کاشتکاروں کا قصور نہیں ہے بلکہ بعض عہدہ داروں اور سیاسی پارٹیوں کا قصور ہے ۔ اس گشتی میں جسکا ذکر میں نے کیا صاف طور پر بتایا گیا ہے کہ ایسی زمانہ میں خواہ وہ گائیران ہوں یا پرموک یا سرکاری جنگل میں اور صحراؤں میں کاشت نہ کی جائے ۔ البتہ اجازت سے پرموک زمینات حاصل کیجاسکتی ہیں ۔ اسکے بعد دوسرے احکام سررشتہ مال کے منسٹر نے جاری کئے اس میں انہوں نے اس گشتی کے حوالے سے بتایا کہ ,, صحراؤں میں کاشت نہ کی جائے ،، ۔ جن لوگوں نے بلا اجازت زمینات پر کاشت کی اس کا داخلہ مال کے رجسٹرات میں رہتا ہے ۔ اسکا علم شاید ان لوگوں کو نہیں ہے جو ایسا کرتے ہیں ۔ لیکن جس قدر زمینات پر کاشت کی جاتی ہے ہر موضع میں اسکا داخلہ فیصل پٹی میں ہوتا ہے کہ کسقدر زمینات پر بلا اجازت کاشت کی گئی ۔ مثلاً زید نے گذشتہ سال دس ایکر زمین پر کاشت کی تھی اور اس سال ۱۵ ایکر پر کاشت کی تو جمع بندی میں اسکا داخلہ لیا جاتا ہے کہ اسکے قبضہ میں ۱۰ ایکر زمین تھی اور ۵ ایکر پر زائد کاشت کی گئی ہے ۔ سنہ ۱۹۴۹ ع کی گشتی کے بعد احکام نافذہ کی روسے اس طرح کاشت کرنے والوں پر تاوان عائد کیا جاتا ہے ۔ ہر سال جیسے جیسے اضافہ کاشت کی جاتی ہے اسی لحاظ سے تاوان عائد کیا جاتا ہے ۔ سنہ ۱۹۴۹ ع میں جس قدر رقبے پر بلا اجازت کاشت کی گئی تھی اس سے دو چند رقبہ پرکاشت کی گئی ۔ اگر تاوان دیتے ہوئے بھی اضافہ کاشت کی جاتی رہے تو اسکو اراضی سے بیدخل کردیا جاتا ہے ۔ کہا یہ جاتا ہے کہ ہم اس جنگل پر پولیس ایکشن کے پہلے سے کاشت کر رہے تھے ۔ شاید انکو یہ نہیں معلوم کہ اسکا داخلہ رہتا ہے کہ کس نے کس رقبے پر کاشت کی تھی ۔ اگر انکو یہ معلوم ہوتا تو ایسا نہ کہتے ۔ اگر اسکو جائز سمجھا جائے کہ ایسے رقبوں پر کاشت ہوتی رہے تو جنگلات باقی نہ رہینگے اور ملک کو بڑا نقصان ہوگا ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ کیا نئے اراضیات محصورہ میں لئے گئے ہیں ؟

شری رنگا ریڈی ۔ میں اس سے پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ ہمارے یہاں ۱۱ فیصد جنگلات تھے ۔ جب جاگیرات کا انضمام ہوا تو وہ ۱۵ فیصد ہوگئے ۔ جاگیرات کے آنے کے بعد اسکے چار فیصد حصہ کو جنگلات سے موسوم کیا گیا ہے یعنی ۴ فیصد حصہ کو محصورہ میں لیا گیا ہے ۔

میرے بعض دوستوں کا کہنا ہے کہ ساگوانی لکڑی نہیں ہے اسکو کیوں صحرا میں ایا جاتا ہے ۔ اسکے متعلق میں یہ کہونگا کہ ساگوان لکڑی کے درختوں کو خاص اہتمام سے پرورش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے ۔ ساگوانی لکڑی کے درخت پہلے سے جتنے ہیں وہ ہیں ۔ جدید طور پر اگانے کا انتظام کیا جا رہا ہے لیکن یہ چیز اسی تو نہیں ہے کہ فوراً تیار ہو جائے ۔ بیدر میں ۶ ہزار ایکڑ کے رقبے میں اسکی پیداوار کا انتظام کیا گیا ہے ۔ آپ صاحبان جسقدر رقم کی منظوری دینگے اسی مقدار میں اسکو پیدا کرنے کا انتظام کیا جاسکے گا ۔ جنگلات کا معاملہ ایسا ہے کہ درخت آج لگائے جائیں تو ۳۰ برس کے بعد اس درخت کا جوبسہ کار آمد ہوسکتا ہے ۔ جاگیرات کو ضم ہوکر دو برس نہیں ہوئے کہ یہ کہنے لگے کہ جنگل نہیں ہے اور اسکو محصورہ نہ کرو ۔ یہ صحیح نہیں ہے کہ جنگل نہیں ہے ۔ لیکن اس زمین کو لیکر جنگل بنایا جاتا ہے ۔ یہ اعتراض کہ وہ جنگل نہیں ہے اس کو جنگل میں شامل نہ کیا جائے صحیح اعتراض نہیں ہے ۔

ایک اور چیز یہ کہی گئی کہ آندھرا راسٹریہ کانگریس نے رزولیوشن (Resolution) پاس کیا ۔ اس میں کہا گیا کہ مکان بنانے کے لئے اور جولہے کے لئے غریب رعایا کو لکڑی مفت دی جائے ۔ جس حدتک رزولیوشن (Resolution) کا منشاء ہے وہ صحیح ہے ۔ اب بھی ہمارے احکام کی روسے " سر بوجھ " جولہے کے لئے لے جانے کی اجازت ہے ۔ سررشتہ جنگلات کی حفاظت کے نقطۂ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے اس سے زیادہ دینا البتہ مشکل معلوم ہوتا ہے ۔ اسلئے اس سے زیادہ کی اجازت موجودہ گستی یا قانون کے ذریعہ دینے کی گنجائش نہیں ہے ۔ میں نے اس کے لئے خاص طور پر کارروائی کا آغاز کیا ہے اور اپنے عہدہ داروں سے مشورہ لے رہا ہوں ۔ میں چاہتا ہوں کہ رعایا کے لئے جوبیمہ کے تعلق سے مزید سہولت پیدا کروں ۔

یہ کہا گیا کہ ۳۰ - ۴۰ گاؤں کے لئے ایک جنگلات کا چوکیدار رہتا ہے ۔ مگر آپ دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ اسکی آمدنی ہی ایک کروڑ روپیہ ہے جس میں کئی لاکھ روپیے تو خرچ ہی ہو جاتے ہیں ۔ لیکن جنگلات کے متعلق یہ تصور کرنا کہ اس سے گورنمنٹ کو آمدنی ہونی چاہئے ٹھیک نہیں ۔ جنگلات سے ملک کو دوسرے طریقوں سے کئی فائدے حاصل ہوجاتے ہیں ۔ اس سے بارش ہونے میں مدد ہوتی ہے ۔ انسانی صحت پر اس کا بہتر اثر پڑتا ہے ۔ جنگلات گرمی کو کم کرتے ہیں اور سردی کو بڑھاتے ہیں ۔ زراعتی فصول کو بہتر بنانے میں انکا بڑا حصہ ہے ۔ اسلئے صرف اس نقطۂ نظر سے دیکھنا کہ اس سے گورنمنٹ کو کتنا پیسہ نقدی کی صورت میں حاصل ہوتا ہے یہ درست نہیں ہے ۔ اسکے دوسرے فوائد کو ملحوظ رکھنا بھی ضروری ہے ۔ اس پر گورنمنٹ کو خرچ کرنا بھی پڑتا ہے ۔ آمدنی کے لحاظ سے دس گاؤں پر ایک چوکیدار رکھا گیا ہے ۔ ایک آدمی کے لئے یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ ۳۰ گاؤں کی وقت واحد میں نگرانی کرے ۔ صرف حکومت کے خوف سے اسکی حفاظت ہوتی ہے ۔

شری کے ۔ ایل نرسمہا راؤ (یلندو ۔ عام) ۔ کیا کہیں دو تین گاؤں کے لئے بھی ایک چوکیدار رکھا گیا ہے ؟

شری رنگا ریڈی - کیا آپ کا اشارہ کسی خاص مقام کی طرف ہے -

شری کے - ایل - نرسمہا راؤ - میں یلندو کے متعلق کہہ رہا ہوں -

شری رنگاریڈی - میرے علم میں تو نہیں ہے - اوسطاً ۲۰ - ۲۵ گاؤں کے لئے ایک چوکیدار ہے -

شری داجی شنکر راؤ (عادل آباد) - کیا کوئی " پلا چوکیدار " بھی ہے ؟

شری رنگا ریڈی - پلا چوکیدار کا کوئی رقبہ نہیں - ہر چوکیدار کے لئے رقبہ مقرر کردیا گیا ہے - اسکا کام ہے کہ وہ نگرانی کرے کہ اسکے رقبہ میں کوئی چوری نہ ہو - کوئی جھاڑ نہ کاٹا جائے -

شری داجی شنکر راؤ - میں میرا مطلب یہ تھا کہ کوئی " پلا چوکیدار " یعنی بچہ چوکیدار بھی جنگلات کے لئے ہے -

شری رنگا ریڈی - کوئی بچہ چوکیدار تو نہیں - ہم نابالغوں کا تقرر نہیں کرتے صرف بالغوں کا ہی تقرر کرتے ہیں - (**Laughter**)

بحث کے دوران میں یہ کہا گیا کہ زراعتی کام کرنے والوں کو لکڑی مفت دی جائے - لیکن اگر اس پر عمل کیا جائے تو انتظام میں سخت دشواری ہوگی - اگر ایسے احکام جاری کردئے جائیں تو کہیں ایک لکڑی کی بجائے دو سو لکڑیاں کاٹ لی جائینگی - اگر کہیں درخت کٹے ہوئے ہوں اور کوئی تنقیح کنندہ انکا معائنہ کرے تو کہدیا جائیگا کہ کاشتکاروں کو دئے گئے ہیں - پھر اسے سمجھ بند کرکے آ جانا پڑیگا - اور ممکن ہے یہ بھی رشوت ستانی کا ایک اور ذریعہ بن جائے - میں مفت لکڑی دینے کے لئے تیار ہوں - لیکن انتظامی امور مجھے اسکی اجازت نہیں دیتے - میں خود اسے سوچ رہا ہوں کہ یہ کس طرح سے عملاً ممکن ہے - جہاں کوپ کٹتی ہے میں وہاں سے لکڑی دینے کے لئے تیار ہوں - لیکن ایسی صورت میں یہ عذر ہوتا ہے کہ کوپ کے مقام سے فلاں گاؤں ۲۰ میل دور ہے اور جہاں کوپ کٹتے ہیں وہاں گاؤں نہیں ہوتے - اور جہاں گاؤں ہیں وہاں کوپ نہیں کٹتے - بہر حال اس کے لئے حکم دیدینا جسقدر آسان ہے اس پر عمل کرنا اسی قدر دشوار ہے - پھر بھی میں وعدہ کرتا ہوں کہ جہاں تک ممکن ہوسکے انتظام میں خلل ڈالے بغیر دینے کی کوشش کرونگا -

ایک صاحب نے کہا کہ جنگل میں کارآمد لکڑیاں ہوتی ہیں - لیکن ان سے کام نہیں لیا جاتا - اور کس لکڑی سے کیا کام لینا چاہئے واقفیت حاصل نہیں کی جاتی - میں سمجھتا ہوں کہ یہ اعتراض بھی عدم معلومات کی بناء پر ہوا ہے - محکمہ جنگلات یہاں سے قریب ہی ہے - جاتے جاتے آپ دیکھ سکتے ہیں - یہاں تفصیل سے یہ بتایا گیا ہے کہ کونسی لکڑی کس کام آتی ہے - محکمہ کو اسکا پوری طرح علم ہے اور اس پر عمل بھی ہورہا ہے - چنانچہ سلدرہ کی لکڑی سے کتھا بنایا جاسکتا ہے اور بنایا جارہا ہے - پیرا اور پلاس کی لکڑی سے لاکھ بنتی ہے - چنانچہ لاکھ بنانے کا کام آغاز ہوچکا ہے -

عرض جو لکڑی جس کام آتی ہے اس کام میں استعمال کرنے کی کوشش کی جارہی ہے - اس کے باوجود بھی یہ کہنا کہ سررشتہ ناواقف ہے یہ اعتراض عدم معلومات کی بناء پر ہے -

رشوت ستانی کے ساتھ ساتھ یہ کہا گیا کہ اس میں محکمہ کا حصہ ہے - تب ہی تو یہ عمل چل رہا ہے - میں نے نہیں سمجھا کہ محکمہ کے حصہ سے کیا مطلب ہے - عہدہ دار کا حصہ ہو سکتا ہے - عملہ کا حصہ ہوسکتا ہے - لیکن محکمہ کا حصہ یہ نیا لفظ ہے - ہوسکتا ہے کہ وہ اسکا مطلب ان عہدہ داروں کی بددیانتی سے منسوب کرنا چاہتے ہوں - لیکن میں ہاؤس کو یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ آنریبل ہوم منسٹر کے مشورہ سے میں نے اس کے انسداد کیلئے انتظامات کئے ہیں - اگر میرے دوستوں کو کوئی شبہ ہو تو وہ تفصیلات معلوم کرسکتے ہیں اور خاطیوں کو گرفتار کیا جاسکتا ہے - میں نے خود اپنے دستخطی نوٹس (Notes) ایسے لوگوں کو پکڑنے کیلئے دئے ہیں - اگر کوئی آنریبل ممبر یہ سمجھتے ہوں کہ انہوں نے شکایت کی ہے اور میں نے اس پر کارروائی نہیں کی تو وہ کہہ سکتے ہیں ..

شری ایم - بچیا (سرپور) - میں نے آنریبل منسٹر کے پاس شکایت کی تھی -

شری رنگا ریڈی - آپ نے تو کبھی شکایت نہیں کی -

شری ایم - بچیا - میں نے ایک کنٹراکٹر کے بارے میں یہ شکایت کی تھی کہ اس نے بلا نمبر اندازی ایک ہزار درخت گرائے ہیں -

شری رنگا ریڈی - آپ نام بتائیں تو میں معلوم کرسکتا ہوں - میرے پاس ہزاروں کارروائیاں رہتی ہیں - کیا پتہ چلتا ہے کہ رید نگر جالد کس کی کیا کارروائی ہے - ایک صاحب نے میدک میں محفوظ درختاں کاٹنے کی شکایت کی تھی - اس سلسلے میں اسی وقت نائب ناظم سے دریافت کیا گیا - ہوتا یہ ہے کہ یہاں تو محض شکایتیں کیجاتی ہیں - خوبیاں دیکھنے کیلئے کوئی آمادہ نہیں ؟ بہر حال میدک میں جو محفوظ درختاں کاٹنے کی شکایت ہوئی میں نے نائب ناظم کو حکم دیا اور طریقہ تحقیقات تجویز کرکے ناظم صاحب کو بھی حکم دیا کہ وہ خود بھی تحقیقات میں شرکت کریں اور میں نے انہیں لکھدیا کہ کارروائی کی اہمیت کے مدنظر میں بھی ۱۳ تاریخ کو صبح ۸ بجے تحقیقات کیلئے آتا ہوں - مگر اسی ۱۳ تاریخ کو دواخانہ میں میرا آپریشن (Operation) ہوا - اس وجہ سے میں نہ جاسکا - لیکن ناظم صاحب نے اس میں تحقیقات کی - اور ڈویژنل آفسر (Divisional Officer) اور امین کو خدمت سے علحدہ کرنے کی سفارش کی - میں نے اس میں چند اعتراضات کئے ہیں کہ جب ڈویژنل آفسر اور امین شریک ہیں تو نائب امین کسطرح بچ سکتا ہے ؟ اسلئے کہ اسی پر سب سے پہلے ذمہ داری آتی ہے - میں نے مکمل تحقیقات کیلئے لکھا ہے - غالباً یہ کارروائی کل یا پرسوں آجائیگی - اس سلسلہ میں مستاجر پر بھی ۱۴ ہزار روپئے جرمانہ اور تا زندگی معاملہ نہ دینے کی تجویز کی ہے - اگر اسکے باوجود بھی یہ کہا جائے اور شکایت کیجائے کہ کوئی تحقیقات نہیں ہوئی تو یہ ایسا

ہی ہے جیسا کہ دن کو رات کہنا یا رات کو دن کہنا ہے - اگر کسی کو اس بارے میں اطمینان ہو تو وہ ریکارڈ (Record) دیکھ سکتا ہے - البتہ نائب اس کو بھی بلحاظ کارگزاری ذمہ دار گردانا تھا اسلئے ڈویژنل آفسر صاحب کارگزار رہیں - البتہ ابھی اس وقت کارگزار نہیں ہے - تحقیقات میں تینوں میں سے جو جو غلطی کے ذمہ دار ہونگے انہیں علحدہ کیا جائیگا -

ایک اور خبر کہی گئی کہ ٹھیکہ دار کو اراضی ٹھیکہ میں برگ آنوس سے استفادہ کی قانوناً اجازت ہے - لیکن استفادہ کی اجازت چاہی جائے تو اجازت نہیں دیجاتی - یہ بالکل صحیح ہے - جانچہ میں نے خود سنہ ۱۹۰۱ع میں اسے ٹھیکہ سے لکڑی لانے کی اجازت چاہی تھی - لیکن میرے منسٹر ہونے کی تاریخ تک مجھے اجازت نہیں ملی - البتہ منسٹر ہونے کے بعد یکدم اجازت نامہ ملا - آپ کا یہ کہنا غلط نہیں - مگر اسکی وجہ محض رسوخ نہیں - قانون میں ہی ایسے نقائص ہیں - اگر آپ کو اس سے متعلق قانون دیکھنے کا اتفاق ہوتا تو شائد یہ اعتراض نہ ہوتا - یہ قانون ایسا ہے کہ ٹھیکہ دار اجازت کیلئے درخواست پیش کرے اسکا ٹھیکہ ۱۰ ف کے بعد کا ہے یا پہلے کا یہ دریافت کیا جاتا ہے - اسکو حکم دیا جاتا ہے کہ وثیقہ عطائے ٹھیکہ بھی پیش کرے - وثیقہ پیش کرنے میں دقت ہوتی ہے اور اس میں دیر ہوتی ہے - عموماً ٹھیکہ موروثی قدیم ہوتا ہے - اس کے ابتدائی ٹھیکہ کا وثیقہ ملنا دشوار ہے - میں نے دیکھا کہ یہ ہمیشہ سے چلا آرہا ہے - میں نے فوراً ان نقائص کو دور کرنے کیلئے ایک گشتی جاری کردی ہے اور اب ہر پٹیل پٹواری آپ کو بار چھٹی دے سکتا ہے - اسطرح ہر عہدہ دار جنگلات کو بھی چوبینہ دینے کے احکام دئے گئے ہیں بشرطیکہ انکے پاس سرکاری کاغذات ہوں - اور مقدار چوبینہ کے متعلق ایک ایسے آدمی کی تصدیق دلائی جائے جو مقرر ہو - چٹھی دینے کے بعد اسکو صرف یہ دیکھنا ہوگا کہ اسکا جائز استعمال ہوتا ہے یا ناجائز - اگر کوئی شخص چٹھیات چوبینہ حاصل کر کے فروخت کررہا ہے تو عہدہ داروں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ چوبینہ ضبط کرلیں اور ایسے شخص کے خلاف ضروری کارروائی کریں - (cheers)

سررشتہ جنگلات اور آبکاری میں پیروکاری سے متعلق شکایت ہے - میں نے اس بارے میں یہ کہا ہے کہ آپ پیروکاری کرنے کی بجائے دو آنے کے دو ٹکٹ لگا کر ایک لفافہ ٹپہ میں ڈال دیجئے - آپ کو اسکا جواب فوراً ہی مل جائیگا - کیونکہ میں نے یہ طریقہ مقرر کیا ہے کہ کارروائی عہدہ دار کے پاس کتنے دن رہنا چاہئے - صیغہ دار کے پاس کتنے دن رہنا چاہئے اور موصولہ اور محاربہ میں کارروائی کتنے دن تک رہنی چاہئے - آپ کا مراسلہ وصول ہونے کے بعد آپکو جواب دیا جائیگا کہ فلاں دن آپکا مراسلہ یا درخواست وصول ہوئی اور اس پر یہ کارروائی کی جارہی ہے - کارروائی کی نوعیت کے لحاظ سے آخر میں آپکو یہ اطلاع دیجائیگی کہ آپکی کارروائی میں یہ تجویز ہوئی ہے یا پھر تجویز کا اقتباس آپکو بھیجا جائیگا - آبکاری ، کروڑگیری اور جنگلات کے محکموں میں پہلے بھی بہت قابل عہدہ دار تھے اور انہوں نے ایسے احکام دئے تھے - لیکن انکی اس تجویز کی تعمیل ہوئی یا نہیں انکو معلوم نہیں ہوتا تھا - اسلئے میں نے ایک کسوٹی بھی تجویز کردی ہے تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ تجویز کی تعمیل ہوتی ہے یا نہیں - اسکے لئے میں نے ایک رجسٹر مقرر

کردیا ہے جو نصف دن عہدہ دار کے پاس رہتا ہے اور نصف دن صیغہ میں رہے گا۔ اس رجسٹر کو اہل معاملہ استحقاقاً دیکھ سکتے ہیں کہ انکے مراسلہ یا درخواست پر کیا کارروائی ہو رہی ہے۔ یہ طریقہ کم از کم میں نے اپنے سررشتوں کی حد تک اختیار کیا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اسوقت بھی رشوت کا بازار ختم ہوتا ہے یا رہتا ہے ۔ اور اب آنکو دقت ہوتی ہے یا سہولت ۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ آپ خواب دیکھ رہے ہیں ۔ لیکن میں ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ میں خواب نہیں دیکھ رہا ہوں بلکہ یہ حقیقت ہے ۔ کیونکہ پہلے ہمارے عہدہ دار اسکے عادی نہیں تھے ۔ اب وہ اس منزل پر آگئے ہیں کہ میرے پاس چار دن میں ہر کارروائی کا جواب آجاتا ہے یا جو بھی نفس معاملہ میں کارروائی ہورہی ہے اسکے متعلق مجھے معلوم کرایا جاتا ہے ۔ اگر کسی کو اطمینان نہو تو میرے ساتھ تشریف لاکر اطمینان کر لیے سکتے ہیں ۔

یہ بات بتائی گئی ہے کہ عہدہ دار دورہ نہیں کرتے ۔ میں کہتا ہوں کہ بحر حال کے انسان تو قصور وار ہوتا ہی ہے ۔ میں تو سارے نہیں جاتا ۔ اور میرے سررشتوں میں جتنے ملازمین ہیں وہ سب انسان ہیں ۔ اسلئے غلطی ہوسکتی ہے ۔ مگر ایسی غلطی کو غلطی میں شامل نہیں کرنا چاہئے ۔ وڈیا بلی سب تارائن نے مرافعہ کیا اور اسکا اتنک تصفیہ نہیں ہوا ۔ یہ تو میں صحیح طور پر کہنے کے موقف میں نہیں ہوں ۔ شاید تصفیہ نہیں ہوا ہو ۔ لیکن خواہ مخواہ انکے تصفیہ کو روکا نہیں گیا ۔

یہ کہا گیا کہ سنہ ۱۳۰۵ ف کے بقایوں کی کارروائیاں اب تک چل رہی ہیں ۔ اس بارے میں میں کہنا چاہتا ہوں کہ ایسے لوگ اپنی تائید میں مواد فراہم کر کے بھیج رہے ہیں جنکو سرکار سے کچھ بھی نہیں ملتا ہے ۔ اسلئے تعویق ہوتی ہے ۔ اسکے علاوہ مرافعہ کے حاکم کو یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ حقیقت میں مرافعہ کرنے والے کو کچھ ملنا چاہئے یا نہیں ۔ کیونکہ حاکم مرافعہ کے پاس گواہ نہیں ہوتے اور اسکو پوری کارروائی بھی دیکھنی پڑتی ہے ۔ اگر آپ یہ بات سوالات میں پوچھتے تو میں آنکو تشفی بخش جواب دے سکتا تھا ۔

یہ بھی کہا گیا کہ لکڑی گٹہ داروں کو نہ دیجائے بلکہ اہالی میں لکڑی کٹوائی جائے ۔ اسبارےمیں میں کہنا چاہتا ہوں کہ گتہ داروں کو کافی تجربہ ہوتا ہے ۔ اور انکو اپنے نفع نقصان کی فکر رہتی ہے ۔ ہم کھڑے جھاڑ کی نگرانی کرتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ رشوت ستانی بڑھ گئی ہے جسکا انسداد کرنا چاہئے ۔ تو آپ ہی بتلائیے کہ اہالی میں لکڑی کٹوانے کے بعد کیا ہوگا ۔ کیونکہ بانس ، چولھے کی لکڑی وغیرہ جیسی مختلف قسم کی لکڑیوں کو کون کون کیسے استعمال کرینگے میں نہیں بتاسکتا ۔ امریکہ میں اخبارات ڈبہ میں ڈال دئے جاتے ہیں ۔ جب اخبار والا واپس آکر دیکھتا ہے تو ڈبہ میں یا تو اخبارات ہوتے ہیں یا انکے پیسے ۔ میں کہنا چاہتا ہوں کہ جب میرے پاس اتنے دیانت دار عہدہ دار ہونگے اس وقت ہم اسکا انتظام

؟ سکینگے - میں اس بات کی طرف بھی اشارہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہم تو یہاں کچھ کہتے ہیں لیکن باہر ہتیار لیکر قتل و خون کی دھمکیاں دیجاتی ہیں (cheers) - میں اپنے دوستوں سے پوچھتا ہوں کہ کیا وہ ہمارے عہدہ داروں کو جنگلوں میں جانے کا موقع بھی دیتے ہیں ؟ کہا جاتا ہے کہ عہدہ دار اپنے آپ کو رسیوں سے باندہ لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کمیونسٹوں نے آکر رسی باندھی ہے - میں پوچھتا ہوں کہ ۵۰۔۶ لوگوں کی گردنوں کو کمیونسٹوں نے آکر کاٹا ہے یا ان لوگوں نے خود ہی کاٹ لیا ہے ؟

ایک آنریبل ممبر کہتے ہیں کہ کلالوں اورگتہ داروں کے طریقہ کو نکالدیا جائے۔ ہاں اگر ہم انکو نکالدیں تو کیا ہماری آمدنی ساربہوگی ؟ اور یہ کلال اورگتہ دار نہ رہ سکیں گے کیونکہ یہ کلال اورگتہ دار یہ تو کانگریس کے خلاف ہیں اور یہ نقصان پہنچاتے ہیں - بلکہ یہ تو کانگریس کی حکومت کے فریفتہ اورگرویدہ ہیں -

شری وی - ڈی- دیشپانڈے - کیا اس غرض سے اسکیم لائی جاتی ہے ؟

شری رنگا ریڈی - میرا الزام یہاں تقریر کرنے والوں پر نہیں ہے - بلکہ ان پر ہے جو تقریریں کرتے ہوئے ایسا کہتے ہیں کہ ہمارے لیڈر نے وہاں تقریر کر کے یہ اسکیم لائی ہے اور یہ کانگریس منسٹر کی کارگزاری نہیں ہے تو میں یہ سمجھونگا کہ پھر یہ پروپگنڈا کیا جائیگا کہ کانگریس منسٹر نے اپنی پاپولیرٹی (Popularity) کے لئے ایسا کیا ہے -

ایک آنریبل ممبر - وہ اسکیم صرف ۳ تعلقوں کی حد تک ہے یا پورے اسٹیٹ کے لئے ؟

شری رنگا ریڈی- پورے اسٹیٹ کے لئے ہے - مگر اس سال آزمائش کے لئے صرف تین تعلقوں میں اس کو نافذ کرنا مقصود ہے- ایک صاحب نے فرمایا کہ کاما ریڈی میں جو ڈسٹلری (Distillery) ہے اوسکی آمدنی ایک کروڑ ہے - میں کہتا ہوں کہ سررشتہ آبکاری کی جتنی بڑی آمدنی ہے اتنے ہی اوسکے کم اخراجات ہیں -گیارہ کروڑ کی آمدنی بجٹ میں بتائی گئی ہے اور ایک کروڑ اوسکے اخراجات ہیں - مگر میں اسکی تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا - یہ جو ڈسٹلری ہے اوسکی آمدنی ایک کروڑ ہے - اور جو خرچہ ہوتا ہے وہ سب تنخواہوں اور اوسکے انتظامات کے لئے ہوتا ہے - گلمہوہ کی خرید کے لئے ہوتا ہے- جتنا زیادہ گلمہوہ خریدا جائے گا اتنے ہی زیادہ اخراجات ہونگے- محکمہ پر جو خرچ ہوتا ہے اوسکے لئے سٹطوری لیبر کی ضرورت ہوتی ہے- ہمارے پاس کی ڈسٹلری کی تعریف دوسرے ملکوں میں کی جاتی ہے- دوسری جگہ ڈسٹلریز سے جو منافع ملتا ہے وہ بہت کم ہوتا ہے - اگر اسکی آمدنی میں سے ۳۰ لاکھ کے اخراجات نکال دئے جائیں تو ۲۰ لاکھ کا منافع ہوتا ہے - اسطرح صرف ایک ڈسٹلری ۲۰ لاکھ کا منافع دیتی ہے - رشوت ستانی کے متعلق میں کہونگا کہ وہ انشاءاللہ جلد بند ہوجائیگی- لیکن رشوت ستانی کا لفظ استعمال کر کے محکمہ آبکاری پر الزام لگانے کی جو کوشش کیگئی وہ غیر صحیح ہے - زیادہ بہتر ہوتا اگر وہ بتاتے کہ رشوت کن کن وجوہ سے لیگئی اور کہاں کہاں لیگئی- اسکی وضاحت کردیجاتی تو مناسب ہوتا -

کروڑ گیری کے متعلق ایک صاحب نے کہا تھا ۔ ان کی اسی کے لئے میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ کروڑ گیری کی آمدنی کو بتدریج گھٹایا جارہا ہے ۔ اور سنہ ۵۴ع کے آخر تک اوسکو ختم کرنے کی کوشش کیجارہی ہے ۔ جیسا کہ ہمارے آنریبل فینانس منسٹر نے اپنی تقریر میں واضح کردیا کہ دوسرے برآمدات پر محصول سنہ ۵۴ع تک بتدریج ختم کردیا جائیگا ۔ اور درآمدات پر اسی سال محصول ختم کرنے کی کوشش کیجارہی ہے ۔ اور یہ تقریباً ۲ کروڑ روپیئے تک کا محصول اس کے قبل کم کردیا گیا ہے ۔ گزشتہ سال ۲ فیصد محصول کم کیا گیا تھا ۔ اسکے بعد کھانے پینے کی تمام اشیاء کا محصول بشمول سونگ پھلی کی درآمدات کے بند کردیا گیا ۔ مگر ڈر اسکا ہے کہ سررشتہ کروڑ گیری کے تقریباً ۴ ہزار ملازمین بے روزگار ہوجائینگے ۔ اسلئے اس کو بھی ہمیں دیکھنا پڑتا ہے ۔ اور اسی وجہ سے یہ بتدریج کم کیا جارہا ہے ۔ اور حتی الامکان ان ملازمین کو کہیں نہ کہیں جذب کرنے کی کوشش کیجارہی ہے ۔ چنانچہ اسوقت (۸) ملازمین جو تخفیف کئے جانے والے ہیں ان کو کہیں نہ کہیں جذب کرنے کی کوشش کیجارہی ہے ۔ آئندہ سال جو تخفیف میں آئینگے ان کو بھی مختلف سررشتوں میں جذب کرنے کی کوشش کیجائیگی ۔ بتدریج کمی کرنے کے مختلف وجوہ میں سے یہ بھی ایک اہم وجہ ہے ۔ اس وضاحت کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس جنہوں نے اسکے متعلق کہا تھا انکو تشفی ہوجائیگی ۔

آخر میں میں گزارش کرونگا کہ میرے جو ڈیمانڈس (Demands) ہیں اونکو منظور کیا جائے ۔

Mr. Speaker I will now put the cut motions to vote

Demand No 2 *State Excise Duty Rs* 78,31,000.

Shri M Buchiah Mr. Speaker, Sir, I request that my Cut Motion be put to vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the Demand under the Head 'State Excise Duty' be reduced by Rs. 10,00,000"

The Motion was negatived.

Shri K. V. Rama Rao (Chinallondur) · Mr. Speaker, Sir, I request that my Cut Motion be put to vote.

Mr. Speaker . The question is :

"that the Demand under the Head 'State Excise Duty' be reduced by Rs. 10,00,000".

The Motion was negatived.

Demand No 4 Forest Rs 26,36,000

Shri Gopidi Ganga Reddy (Nirmal-General) Mr. Speaker, Sir, I request that my Cut Motion be put to vote ·

Mr Speaker The question is :

" that the Demand under the Head ' Forests ' be reduced by Rs 10,00,000"

The Motion was negatived.

Shri K V Narayan Reddy (Rajgopalpetha) Mr Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw my Cut Motion.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

Shri K. L Narasimha Rao Mr. Speaker, Sir, I request that my Cut Motion be put to vote.

Mr. Speaker The question is ·

" that the Demand under the Head ' Forests ' be reduced by Re 1 ".

The Motion was negatived

Shri Guruva Reddy (Siddipet) . Mr Speaker, Sir, I request that my Cut Motion be put to vote.

Mr. Speaker The question is .

" that the demand under the Head ' Forests ' be reduced by Re. 1".

The Motion was negatived

Shri Daji Shanker Rao · Mr. Speaker, Sir, I request that my Cut Motion be put to vote.

Mr. Speaker : The question is :

" that the Demand under the Head ' Forests ' be reduced by Re. 1".

The Motion was negatived.

Demand No. 8 : Inter-State Transit Duties(Customs)
***Rs.* 35,90,000.**

Shri Rajamallu (Laxettipet—Reserved) : Mr. Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw my Cut Motion.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn

Mr. Speaker. Next, Cut Motion Shri, Ankushrao Venkatrao

Shri Ankushrao Venkatrao (Partur). Mr Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw my Cut Motion

The Motion was, by leave of the House, withdrawn

Mr Speaker Hon the Finance Minister to move Demands for Grants

Demand No. 7 Collection Charges (1) *Sales-tax.*

The Minister for Finance (Dr G. S Melkote),

Mr Speaker, Sir, I beg to move ·

" that a sum not exceeding Rs. 5,88,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No. 7 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh".

Demand No. 18 1-2 *Finance Dept* 1-3 *Financial Adviser, Civil Supply and Rationing* 1-4 *Economic Adviser,*

Mr. Speaker, Sir, I beg to move

" that a sum not exceeding Rs. 9,13,700 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No. 18. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh".

Demand No. 32: *Central Treasury, State Bank (P.A.D.)*

Mr. Speaker, Sir, I beg to move:

"that a sum not exceeding Rs. 2,23,400 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No. 32. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh".

Demand No 33 Sub-divisional Establishments District Treasuries

Mr. Speaker, Sir, I beg to move

" that a sum not exceeding Rs 5,71,600 be granted to Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No 33 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Demand No 34—Pension Payment Office (Motigalli).

Mr. Speaker, Sir, I beg to move

" that a sum not exceeding Rs 1,67,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No. 34. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Demand No 69—Superannuation Allowances and Pensions.

Mr Speaker, Sir, I beg to move:

" that a sum not exceeding Rs. 1,80,55,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No. 69. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Demand No 71—Donation for Charitable Purposes.

Mr. Speaker, Sir, I beg to move:

" that a sum not exceeding Rs 3,37,500 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No. 71. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh".

Demand No. 80—Loss by Exchange on Local Transactions.

Mr. Speaker, Sir, I beg to move:

" that a sum not exceeding Rs. 7,500 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day

of March, 1953 in respect of Demand No 80 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh".

Demand No 84—Loss of Treasure—Lapses and Refunds

Mr Speaker, Sir, I beg to move

" that a sum not exceeding Rs 37,500 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No 84. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Demand No. 86—Miscellaneous.

Mr. Speaker, Sir, I beg to move

" that a sum not exceeding Rs. 7,500 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No 86 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Demand No 87—Expenditure from Excess Profits Tax

Mr. Speaker, Sir, I beg to move·

" that a sum not exceeding Rs. 37,500 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 87 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Demand No 98—Loans, Aid Advances by State Government.

Mr. Speaker, Sir, I beg to move ·

" that a sum not exceeding Rs 9,86,35,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No. 98. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh".—

Mr Speaker: Motions for Demands Nos 7, 18, 32, 33, 34, 69, 71, 80, 84, 86, 87 and 98 making an aggregate of Rs. 11,95,81,200 moved. We shall now take up the Cut Motions.

Demand No 7 (Head of Account 13-*A-I)—Collection Charges* (1) *Sales Tax*—Rs. 5,88,000.

Shri G Sriramulu (Manthani): Mr. Speaker, Sir, I beg to move :

" that the Demand under the head ' Collection Charges (1) Sales Tax ' be reduced by Rs 40,000 to discuss economy by removing additional establishment."

Mr. Speaker : Motion moved :

" that the Demand under the head ' Collection Charges (1) Sales Tax ' be reduced by Rs. 40,000 to discuss economy by removing additional establishment."

Shri K.V. Narayan Reddy : Mr. Speaker, Sir, I beg to move .

" that the Demand under the Head ' Collection Charges (1) Sales Tax ' be reduced by Rupee 1 to discuss the principle which underlies the policy of the Government in taxing when conditions are so hard."

Mr. Speaker : Motion moved :

" that the Demand under the Head ' Collection Charges (1) Sales Tax ' be reduced by Rupee 1 to discuss the principle which underlies the policy of the Government in taxing when conditions are so hard."

Demand No. 18 *(Head of Account* 25*—General Administration)*—1-2 *Finance Department*—1-3 *Financial Adviser, Civil Supply and Rationing*—1-4 *Economic Adviser* (*Rs*. 9,13,700).

Shri Rang Rao Deshmukh (Ganga khed) : Mr. Speaker, Sir, I beg to move .

" that the Demand under the Head ' 1-2 Finance Department, 1-3 Financial Adviser, Civil Supply and Rationing, 1-4 Economic Adviser ' be reduced by Rs. 1,00,000 to discuss economy by abolition of the post of Economic Adviser and also to discuss maladministration."

Mr. Speaker · Motion moved :

" that the Demand under the Head ' 1-2 Finance Department, 1-3 Financial Adviser, Civil Supply and Rationing, 1-4 Economic Adviser ' be reduced by Rs. 1,00,000 to discuss economy by abolition of the post of Economic Adviser and also to discuss maladministration."

Shri K. V. Narayan Reddy Mr. Speaker, Sir, I beg to move:

"that the Demand under the Head '1-2 Finance Department, 1-3 Financial Adviser, Civil Supply and Rationing, 1-4 Economic Adviser' be reduced by Rupee 1 to discuss the extravagant and superfluous posts created"

Mr. Speaker: Motion moved:

"that the Demand under the Head '1-2 Finance Department, 1-3 Financial Adviser, Civil Supply and Rationing, 1-4 Economic Adviser' be reduced by Rupee 1 to discuss the extravagant and superfluous posts created".

Demand No. 34 (Head of Account 25 N-2) Pension payment Office (Motigalli). (Rs. 1,67,000).

Shri G. Sriramulu Mr Speaker, Sir, I beg to move:

"that the Demand under the Head 'Pension Payment Office (Motigalli)' be reduced by Rs. 1,67,000 to discuss refusal of supplies."

Mr. Speaker: Motion moved:

"that the Demand under the Head 'Pension Payment Office (Motigalli)' be reduced by Rs. 1,67,000" to discuss refusal of supplies.

Demand No. 69—(Head of Account 55) Superannuation Allowances and Pensions (Rs. 1,80,55,000).

Shri V. D. Deshpande: Mr. Speaker, Sir, I beg to move:

"that the Demand under the Head 'Superannuation Allowances and Pensions' be reduced by Rupee 1 to discuss dearness allowance to pensioners and commutation of pensions".

Mr. Speaker. Motion moved:

"that the Demand under the Head 'Superannuation Allowances and Pensions' be reduced by Rupee 1 to discuss dearness allowance to pensioners and commutation of pensions".

Demand No 7 (Head of Account 13-A-I) *Collection Charges* (1) *Sales Tax Rs.* 5,88,000.

Shri Ankushrao Venkatrao Mr Speaker, Sir, I beg to move

" that the Demand under the Head ' Collection charges (1) Sales Tax ' be reduced by Rupee 1 to discuss the policy of the Finance Minister as regards sales tax".

Mr. Speaker Motion moved :

" that the Demand under the Head ' Collection Charges (1) Sales Tax ' be reduced by Rupee 1 to discuss the policy of the Finance Minister as regards sales-tax".

Demand No 69—(*Head of Account* 55) *Superannuation Allowances and Pensions—Rs.* 1,80,55,000.

Shri Annaji Rao Gavane (Parbhani) : Mr. Speaker, Sir, I beg to move :

" that the Demand under the Head ' Superannuation Allowances and pensions ' be reduced by Rupee 1 to discuss dearness allowance and commutation of Pensions ".

Mr. Speaker . Is it same as Shri Deshpande's Cut Motion ?

Shri Annaji Rao Gavane Yes, Sir,

Mr. Speaker · Then, they may be bracketed.

Mr Speaker . Now, we shall discuss the Cut Motions. Shri G. Sriramulu.

Shri G. Sriramulu . Mr. Speaker, Sir, before telling the House the reason for my moving the Cut Motion. I want first to discuss the enormous expenditure that is being incurred by the Finance Department. I feel that the hon. Finance Minister who has been very sympathetic towards the peasantry and labour in the State could have brought down several items of expenditure in this Budget. I am at a loss to understand why he could not implement his feelings and bring a better Budget On the other hand, I am finding in the Budget that the very old system is being adopted and enormous expenditure is being incurred, for instance, by creating an office for distribution of pension, *viz.*, Pension Payment Office at Motigalli. Such things could have been avoided and if there was a will, he could have reduced much of the expenditure which in my opinion is most unnecessary and extraordinary.

Now, coming to the Cut Motions, I want to impress upon the House the fact that the Government have announced to bring in a new tax, *viz*, Cash Crop Tax, as I found from the speeches of the Chief Minister and others. For this also, this expenditure is raised up to Rs. 5,88,000 as shown under Head-Account No. 30 (*a*) 1. I would like to impress upon the House that this tax which is now thought over by the Government is going to mar the very condition of the peasantry in the villages and will surely lower their economic condition. It is a fact that whatever taxes are levied, the Government Servants are there to see that something is got out of that for their own selfish ends Similarly, the tax which is proposed by the Government will surely tell upon the poor peasants who cultivate the lands and who bring out greater wealth to the nation This kind of teasing policy must be carefully understood by the taxing authorities and the Popular Minister Unless these things are taken into consideration, I think the Popular Ministry which is now functioning will prove most inefficient. The cash crop tax which is going to be enforced, I am sure, will become a burden on the cultivators. There is already one law that certain cultivators cannot cultivate more than a certain area for these cash crops I think, 3/4th can be cultivated for the foodstuffs and 1/4th can be cultivated for the cash crops. There was such a law previously and in my opinion that would have been much better instead of taxing on these cash crops. By this, the patels, patwaries, girdawars and tahsildars about whom I have got great experience will be teasing the cultivators and will be writing and recording more acreage than actually cultivated by them and will thus prove troublesome to the poor peasants in the villages Therefore, sales-tax officers should have been reduced and thereby the Government could have effected a cut of Rs. 40,000. I hope the Finance Minister will agree with me in this. Surely he can manage with the rest of the amount for collection charges.

As regards the Pension Payment Office at Motigally, I would submit that this is a matter of simply distributing pensions. For this work, the Tahsildar, Deputy Collector or Collector, who have got many offices in the City, could have been entrusted. I am at a loss to understand why an amount of Rs. 1,67,000 should be borne by this Government on such an item. Is it the pleasure of the hon: Minister to have such an office with an expenditure of Rs. 1,67,000 to distribute pensions, as is shown here? I feel that this amount could have been reduced by abolishing

the office at Motigally and entrusting this work to another officer. He can deal with the distribution of pensions instead of so many officers and a big building, etc If economy was brought on in such things and really if the hon Minister had coolly thought over the matters, so many lakhs could have been saved and those things could have been diverted towards the amelioration of our poor peasants and labourers

The popular Minister and the Cabinet is going towards their own path which in my opinion is dictated from the above. They have got the will, but they are not in a position to carry them out. All these faults, I could see, in the framework itself in which they are now placed That ought to have been changed and unless some change comes forth, I am sure, only the talkings and discussions will remain in the Assembly and nothing will be brought about for the amelioration of the lots of peasants in the villages. Therefore, this structure in which the Congress is involved has to be changed. For that, so much crying and speeches will not do. It has to be fought in a real and sincere manner. Our only duty is to voice the feelings of the people and see that the whole set-up of the present machinary, the Congress Raj, the captalist Raj, and the feudal outlook is changed. We are here for that I know that our discussions will not bring in great results and changes in the Ministry nor in their opinions and aspirations because they are treading on a path which is not meant to ameliorate the present condition of the peasantry and the labour. While going on the same road, they have to go through wrong paths because they are already on the wrong path. Therefore, every step of theirs on that wrong path will be a blunder and also a wrong step. To correct all these things, it is a great task for us. We are not going to sit idle; we have to step forward and we have to bring before them all their acts—the huge amount spent in the offices for maintaining the bureaucratic officialdom and all those things—which could be seen from the Budget. I feel that in the Finance Department much could have been reduced if the Finance Minister sincerely and coolly thought over the matter and gave some time to it For all these things they will be taking the excuse of time The time spent for bringing a budget could have been same for bringing about a reduction also. But I should say the excuse of time is merely to throw some kind of illusion over the people, but we are not going to be satisfied with that. If there was a will, the Ministry could have cut down much of the expenditure and that enormous saving could have been diverted towards the betterment of the country and the uplift of the sad conditions prevailing in the villages,

I hope the Finance Minister will agree to such a cut note only in this, but wherever possible, and see that this Cut Motion is agreed to

شری کے - وی - نارائن ریڈی - مسٹر ڈپٹی سپیکر سر آندھرا ڈیسٹرکٹ میں پہلے ۲۰ لاکھ ۶۸ ہزار روپیوں کے خسارہ کو کم کرنے کی بہت کوشش کی - لیکن یہ خسارہ اور بڑھکر ۳ کروڑ ایک لاکھ ہوگیا - وہی حال ہے کہ

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

بجٹ کے خسارہ کو پورا کرنے کے لئے نئے نئے محاصل لائے گئے ہیں - ایک تو تجارتی فصلوں پر محصول لگایا گیا ہے اور دوسرے سیلس ٹیکس (Sales Tax) میں اضافہ - ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ یہ کہاں تک جائز ہیں - اس میں کہاں تک جسٹس اینڈ ایکوالیٹی (Justice and Equality) ہے - موجودہ حالات کے اعتبار سے عوام کی قوت خرید گھٹی ہوئی ہے اس اعتبار سے مزید ٹیکس کا بار عوام پر ڈالنا مناسب نہیں - مالیات کا اصول محصول یہ ہے کہ (Old Tax is No Tax) - اس میں شک نہیں کہ درآمد پر محصول روکنے سے دو کروڑ کا نقصان ہوا ہے - لیکن ہندوستان کے ایک ہی حصہ میں رہتے ہوئے سیاسی حالات کے اعتبار سے اسے باقی رکھنا مناسب نہیں تھا - ہم پروگریسیو ٹیکسیشن (Progressive Taxation) اڈاپٹ (Adopt) کرنا چاہتے ہیں - لیکن ریگریسیو ٹیکسیس (Regressive Taxes) لگائے جارہے ہیں - ۱۹۳۷ع میں ہندوستان میں جو منسٹری تھی اس وقت آندھرا راج گوپالا چاری نے محصول فروخت کو انٹروڈیوس (Introduce) کیا تھا - وہاں سے مدھیہ پردیش، میسور اور مدراس میں یہی سسٹم (System) اڈاپٹ (Adopt) کیا گیا - لیکن اس سے عوام پر بڑے برے اثرات ہوئے - وہاں پروہیبیشن (Prohibition) ہے - لہذا اس خسارہ کو پر کرنے کیلئے یہ طریقہ اختیار کیا گیا - اگر یہاں پروہیبیشن (Prohibition) کیا جائے تو ہمارے ۱۱ کروڑ روپے ختم ہوجاتے ہیں - لیکن یہ تو کوئی بیٹرمنٹ ایکٹ (Betterment Act) نہیں ہے - ہمارے عوام میں جو طبقے ہیں ان میں ہائی کلاس (High Class) طبقہ ہے، مڈل کلاس (Middle Class) طبقہ ہے اور ادنی طبقہ ہے - ایک ادنی متوسط طبقہ بھی ہے -

Dr G.S Melkote. Does the hon. Members recommend Prohibition? Is that his intention?

Shri K. V. Narayana Reddy That is my Intention I think the hon. Minister is not following my arguments correctly

میں اصول کے طور پر یہ کہہ رہا ہوں کہ تجارتی فصلوں پر جو ٹیکس لگایا جارہا ہے اس کا بار کسانوں پر پڑتا ہے - خصوصاً چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں پر اس کا بار زیادہ پڑتا ہے - اسطرح یہ ٹیکس ریگریسیو (Regressive) ہے -

جگتیال اور کھمم میں بھی ایسے ہی حالات ہیں - توازن اس طرح کا ہے کہ میجارٹی کو مائنارٹی بنانے کے امکانات ہیں - میں صاف صاف الفاظ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی پالیسی کیوں ظاہر نہیں ہوتی ؟ تاکہ ہم نامزدگی کو برخواست کرنے کیلئے بل یہاں لاسکیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہی جمہوریت کا ٹسٹ (Test) ہے - اگر آپ ایسا نہیں کرینگے تو ایسی ڈیموکریسی ایک بہانہ ہے اور اسکے معنی یہ ہونگے کہ آپ لوگوں پر فاسسٹ طریقہ سے حکومت کرنا چاہتے ہیں - لیکن اسکے نتائج جو ہونگے انکی ذمہ داری آپ پر ہوگی - اسلئے نامزدگی کو فوراً ختم کیا جائے - کیونکہ آج جو راج قائم ہوا ہے

وہ میجارٹی پارٹی کا ہے اور ایک جمہوری طریقہ پر یہ راج قائم کیا گیا ہے - اور دستور میں یہ صاف صاف طور پر کہا گیا ہے کہ شہریوں کو لوکل سلف گورنمنٹ (Local Self Government) کے متعلق حق ہے - اور ہماری جمہوریت کا جو ڈھانچہ دیا گیا ہے وہ بھی اسی بنیاد پر ہے - لیکن دیہاتوں میں آپ جو کام کررہے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں - وہ اسکے خلاف ہے - یہ پرانے زمانے کا طریقہ ہے اور فائدہ مند نہیں معلوم ہوتا - اسلئے اسکو ختم کرنا چاہئے -

دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ میونسپل ورکرس کے بارے میں ہے - میں نے اس سے پہلے بھی اپنے خیالات ظاہر کئے ہیں - اسلئے میں اس ضمن میں زیادہ عرض نہیں کرونگا - میونسپل امپلائیز (Municipal Employees) کو بنیادی اجرتیں دیجانی چاہئیں - اور اگر اس مسئلہ کے طے ہونے میں کچھ دیر ہے تو کچھ نہ کچھ گرانٹس (Grants) دئے جائیں -

تیسری چیز جو میں آپکے سامنے کہونگا وہ میونسپل الکشنس کے دوران میں پیسفل اٹماسفیر (Peaceful Atmosphere) کے بارے میں ہے کیونکہ الکشنس پیسفلی (Peacefully) نہیں ہورہے ہیں - ہمارا جنرل الکشن (General Election) جس بیسس (Basis) پر ہوا وہ سب ہم کو معلوم ہے - لیکن میونسپالٹی کے سلسلہ میں جو الکشن رولس (Election Rules) بنائے گئے ہیں ان میں پروپورر (Proposer) اور سکنڈر (Seconder) کے لئے ۲۰ سال کی عمر کی شرط لگائی گئی ہے - حالانکہ جنرل الکشن میں پروپورر اور سکنڈر کے لئے ۲۱ سال کی عمر تک چناؤ کا حق دیا گیا تھا - اس وجہ سے گدوال میں یہ ہوا کہ ہمارے تمام کے تمام فارمس (Forms) رد ہوگئے - اور یہ کہ ہمارے ہیں ایم - ایل - ایز (M.L.As.) کھڑے نہیں رہ سکے - جسکی وجہ سے انکے بھی فارمس رد ہوگئے - ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ میونسپل الکشنس بھی جنرل الکشنس کے شرائط پر ہونگے - دوسرے یہ رولس اینڈ رگولیشنس (Rules and Regulations) کی کاپیاں بھی وقت پر نہیں ملیں اسلئے بھی ہمیں معلوم نہ ہوا کہ یہ رولس اینڈ رگولیشنس انڈین کانسٹیٹیوشن (Indian Constitution) کے خلاف ہیں - اسلئے میں حکومت سے اپیل کرونگا کہ الکشن کا جو طریقہ رائج ہے اور عام طور پر جو بنیادی مشکلات ہیں ان کو دور کرنے کی کوشش کی جائے تو مناسب ہوگا - یہ چیز میں پھر ایک مرتبہ ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ اس غلط طریقہ سے میجارٹی (Majority) کو مائناریٹی (Minority) میں تبدیل کرنے کی کوشش نہ کی جائے -

شری راجی شنکر - پنچایت الکشن اور نامینیشن کے سلسلہ میں دوسرے معزز اراکین نے کافی اور تفصیلی روشنی ڈالی ہے - جو کٹ موشن لایا گیا ہے وہ پنچایت کمیٹیوں کی کارکردگی کے متعلق ہے تاکہ یہ بتایا جاسکے کہ وہ کس طرح کام کررہی ہیں - اس سلسلہ میں میں کچھ کہونگا - یہ ضروری ہے کہ نامینیشنس اور الکشنس جمہوری طریقوں پر

کئے جائیں اور جمہوری اصولوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ان کو عمل میں لانے کی کوشش کیجائے ۔ اور جو کمیٹیاں قائم کیجائیں وہ جمہوری اصولوں کے مطابق کام کریں ۔ لیکن جو نامینیشنس اور الکشن ہوتے ہیں ان میں گھپلے باریاں ہوتی ہیں ۔ کیونکہ ان نامینیشنس میں حکومت کی جانب سے نامزد کردہ آفیسرس ہوتے ہیں اسلئے جیسا یہ آفیسرس کہتے ہیں ویسا ہی پنچایت کمیٹی والے سر ہلاد یتے ہیں ۔ ایسی صورت میں یہ کمیٹیاں کیسے کام کرسکیںگی ؟ ہوتا یہ ہے کہ حکومت کی طرف سے تحصیلدار گاؤں میں جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ دیکھو بھائیو ، تمہارے گاؤں کی حد تک فلاں صاحب صدر رہیںگے اور فلاں فلاں ارکان رہیںگے ۔ انکے تحت ایک کمیٹی کام کریگی ۔ حکومت کی جانب سے ۲-۵-۰ روپیے تنخواہ بھی مقرر کیجاتی ہے ۔ عادل آباد کے تین مواضعات میں جو پنچایت کمیٹیوں کا الکشن ہوا ہے اسکو تو میں الکشن کہنے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ کیونکہ در اصل کوئی الکشن ہی نہیں ہوا ۔ اور چونکہ میں بھی ایک سیاسی ورکر (Worker) تھا اسلئے مجھے معلوم ہوا کہ وہاں پر تحصیلدار یا ڈپٹی کلکٹر صاحب جاتے ہیں اور یہ بولتے ہیں کہ فلاں فلاں لوگ اسکے صدر اور ارکان ہونگے ۔ لیکن اسکے بعد معلوم نہیں ہوتا کہ وہ لوگ کیا کام کرتے ہیں ۔ اسکے قبل معزز مسٹر صاحب لوکل سلف گورنمنٹ نے اپنی تقریر کے دوران میں یہ تفصیل نہیں بتلائی ۔ صرف یہ بتلایا کہ وہ کمیٹیاں کام کررہی ہیں اور بہت اچھی طرح کام کررہی ہیں ۔ لیکن میں یہ ثابت کرسکتا ہوں کہ عادل آباد کے ان تین مواضعات میں جو پنچایت کمیٹیاں قائم ہیں انہوں نے اب تک کچھ بھی کام نہیں کیا ۔ وہاں اب تک لوگوں کو اس کا پتہ تک نہیں کہ وہاں پنچایت کمیٹی بھی قائم ہے یا نہیں ۔ جب تک ہمارے ورکرس (Workers) میٹنگ بلاکر لوگوں کو واقف نہیں کراتے کہ پنچایت کے الکشن ہوئے ہیں اور پنچایت کمیٹی قائم ہوئی ہے اور اسکے فلاں فلاں ارکان ہیں ، اس وقت تک ان لوگوں کو یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ وہاں پنچایت کمیٹی ہے یا الکشن ہوئے ۔ ورکنگ کی تو بحث ہی نہیں ۔ جب وہاں کے لوگوں کو اس امر سے واقفیت ہی نہیں کہ آیا وہاں الکشن ہوا یا نہیں تو پھر ان کمیٹیوں کے کام کرنے کا سوال ان کے لئے بے معنی ہوجاتا ہے ۔ تعلقہ کھمم کے ایک موضع دردالا میں وہاں کی پنچایت کمیٹی کو کچھ رقوم منظور ہوئی ہیں ۔ حالانکہ وہاں کے لوگوں کو یہ معلوم تک نہیں کہ وہاں کوئی پنچایت کمیٹی قائم بھی ہوئی یا نہیں ۔ لیکن اسکے باوجود اس کو رقم بھی منظور ہوتی ہے ۔ پنچایت کمیٹی میں نامزدہ اراکین ہوتے ہیں ۔ اور پھر کام کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ لوگوں کو معلوم تک نہیں ہوتا کہ وہاں کوئی پنچایت کمیٹی ہے ۔ اور پھر رقم بھی اوس کمیٹی کے لئے منظور ہوتی ہے ۔ کیا یہی محکمہ کے خوش اسلوبی سے کام کرنے کا طریقہ ہوسکتا ہے ؟ میں امید کرتا ہوں کہ آیندہ جب الکشن کرائے جائیںگے تو لوکل سلف گورنمنٹ کے منسٹر اس بات کا انتظام کرینگے کہ لوگوں کو یہ بتایا جائے کہ کسطرح پنچایت کمیٹیاں قائم ہوتی ہیں اور کس طرح اوسکے الکشن ہوتے ہیں اور کسطرح یہ کمیٹیاں ان کے فائدہ کے لئے کام کرتی ہیں ۔ میں یہ جانتا ہوں کہ اسکی تردید کیجائےگی ۔ لیکن میں امید کرتا ہوں کہ محض تردید کی خاطر تردید نہیں کیجائیگی بلکہ ہم نے اس بارے میں ایک سجھاؤ رکھا ہے جس کی

تحقیقات اگر کیجائے اور جو خرابیاں اوس میں پیدا ہوئی ہیں انہیں دور کرنیکی کوشش کی جائے تو مناسب ہوگا - میں آنریبل منسٹر سے ایسی امید کرتا ہوں -

شری ادھو راؤ پٹیل - مسٹر اسپیکر سر - ڈیمانڈ نمبر ۴۸ کیلئے میرا کٹ موشن ہے - اس کا مقصد سروے پارٹی پر ڈسکس (discuss) کرنا ہے - یہ اسپیشل سروے پارٹی (Special Survey Party) سنہ ۱۹۴۷ء میں قائم ہوئی تھی - جس کی زندگی اوسوقت ۵ سال قرار دیگئی تھی - سنہ ۱۹۵۲ء میں اسکو ختم ہوجانا چاہئے تھا - لیکن میں دیکھتا ہوں کہ بجٹ میں اسکے لئے ڈیمانڈ کیا گیا ہے اسکا مقصد یہ ہے کہ ۲۴ ایسے ویلیجس (Villages) ہیں جنکی آبادی ۵ ہزار یا ۵ ہزار سے زیادہ ہے - انکو پانی سپلائی کیاجائے لیکن میں کہتا ہوں کہ گاؤں میں بچوں کی تعلیم کا انتظام نہیں - زیادہ اسکولس نہیں اور وہاں کے لوگوں کی زندگی کا اسٹانڈرڈ (Standard) بہت گرا ہوا ہے - اوسکے متعلق تو حکومت کوئی انتظام نہیں کرتی - اسلئے ہماری حکومت جو اس ڈپارٹمنٹ پر کئی لاکھ روپئے خرچ کررہی ہے - میں سمجھتا ہوں وہ غیر ضروری ہے - ۲۴ گاؤں کے لئے یہ اسکیم بنائی گئی تھی - لیکن ڈپارٹمنٹ کی رپورٹ سے ظاہر ہیکہ صرف ۲۲-۲۰ گاؤں کا سروے کیا گیا - اور پھر اسکا بھی یہ حال ہے کہ یہ کہا جاتا ہے کہ چونکہ فیناس نہیں ہے اسلئے ۱۸ سال تک یہ اسکیم عمل میں نہیں لائی جاسکتی - ایک واٹر ورکس (Water Works) کی اسکیم بنائی جاتی ہے - پھر اسکے ایسے حالات بتائےجاتے ہیں کہ اسکیم عمل میں نہیں لائی جاسکتی - میں اس سلسلہ میں پربھنی کی مثال دونگا کہ وہاں اس سلسلہ میں سروے تو کیا گیا - لیکن فناس نہ ہونے کی وجہ سے اوسکو روبہ عمل نہیں لایا گیا - حالانکہ ۵-۴ سال تک اسکا سروے ہوا - وہاں حالت یہ ہے کہ اب بھی لوگوں کو کافی پانی نہیں ملتا - اسلئے میں یہ کہونگا کہ اگر اس ڈپارٹمنٹ کو بھی پی - ڈبلیو - ڈی (P.W.D.) کے کسی سب انجینیر (Sub-Engineer) کے تحت دیدیا جائے تو میرا خیال ہے کہ ایک علحدہ اسپیشل ڈپارٹمنٹ (Special Department) کی ضرورت نہ ہوگی - کنسرنگ انجینیر آفس کیلئے ۲ لاکھ روپئے ، ڈیویزن اور سب ڈیویژن سروے پارٹیز اور میونسپل سروے کے لیے ۸ لاکھ ۴۰ ہزار روپئے ، سروے اسٹاف کے لئے ۳ لاکھ ۹۰ ہزار روپیے نان ریکرنگ اخراجات کےلئے ۳ لاکھ ۵۰ ہزار روپئے اور دوسرے ایک مد کے لئے ۵ لاکھ ۵۰ ہزار روپئے اس طرح جو ۲۳ لاکھ ۳۰ ہزار روپئے خرچ ہورہے ہیں وہ بچ جائیںگے - جب ہمارا بجٹ خسارہ کا بجٹ ہے اور دوسری اہم اسکیمیں موجود ہیں تو پھر اسطرح اس پر خرچ کرنا غیر ضروری ہے - فیلڈ سروے (Field Survey) کے سلسلہ میں بتایا گیا ہے کہ سنہ ۱۹۴۹ء سے ۱۹۵۲ء تک ۶۰ میونسپل سروے اور ۱۵ دیگر ٹاؤن سروے ہوئے ہیں - لیکن ۵ سال کے بعد ان کا کام ختم کردیا گیا - اس طرح نہ اسکا فائدہ ثابت ہوا نہ کوئی اسکیم اس سلسلہ میں اب تک کامیاب ہوئی - ساتھ ہی ساتھ ٹاؤن پلاننگ (Town Planning) کی اسکیم بھی ان کے پاس ہے - ٹاؤن پلاننگ کے متعلق گورووالا کمیٹی کی رپورٹ کے صفحہ ۴۰ پر لکھا گیا ہے کہ یہ ڈپارٹمنٹ پی - ڈبلیو - ڈی میں ضم کیا جائے - کیونکہ اسمیں کافی خرچ ہورہا ہے اور ٹاؤن پلاننگ

کی کوئی اسکیم بھی عمل میں نہیں آئی ۔ ڈپارٹمنٹ کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ہاؤسنگ اسکیم (Housing Scheme) کے تحت جہاں آباد ماسٹر پلان (Master Plan) اور اورنگ آباد ماسٹر پلان کی جو اسکیم ہے وہ اسوقت سے چل رہی ہے جب میں میٹرک میں پڑھتا تھا ۔ لیکن کوئی تعمیر اب تک نہیں ہوئی ۔ تو اسطرح سےاس ماسٹر پلان کو عمل میں لانے کیلئے ۱۸ سال ہونگے چونکہ یہ ڈپارٹمنٹ صرف ۵ سال کیلئے قائم کیا گیا ہے اس لئے اسے ختم کیا جاکر پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کے تحت ضم کردینا جانا مناسب ہوگا ۔ میرا جو دوسرا امنڈمنٹ ہے وہ گرام پنچایت کے متعلق ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ڈیموکریسی کے اس دور میں عوام کو زیادہ تعلیم دینے کی کوشش کرنا چاہیئے ضروری ہے اور میونسپل پنچایت میں یہ سبق سکھایا جاسکتا ہے ۔ وہاں جانکار لوگوں کو یہ اختیارات دینے چاہئیں کہ وہ ان کاروبار کو بخوبی انجام دیسکیں ۔ کیونکہ نامینیشن کے سلسلہ میں عملاً یہ ہوتا ہے کہ اس سلسلہ میں کانگریس ریکمنڈ (Recommend) کرتی ہے ۔ میں ایسے نامینیشنس کی مثالیں دے سکتا ہوں ۔ خاص کر میں پرمالہ کی مثال دیسکتا ہوں ۔ وہاں ایک ایسا شخص نامینیٹ (Nominate) کیا گیا جو الکشن میں ناکام ہوگیا تھا ۔ ساتھ ساتھ نان پارٹی (Non-Party) کا کوئی شخص وہاں نامینیشن میں نہیں آتا ۔ کیونکہ کانگریس کے لوگ وہاں کہتے ہیں کہ ان کو نامینیٹ کیا جائے یا ان کو نامینیٹ کیاجائے ۔اور دیگر پارٹیوں کی طرف توجہ نہیں دیجاتی ۔ اسطرح ۳ یا ۴ نمایندے نان کانگریس کے آتے ہیں اور نامینیس کے ۳ آجاتے ہیں اسطرح ۶ یا ۷ کی میجارٹی ہوجاتی ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ نامینیشن میں ٹیکنیشین (Technician) کی ضرورت ہوتی ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ پنچایت کے نامینیشن میں ٹیکنیشین کی ضرورت ہوگی ۔ لیکن اس بہانہ سے حکومت اپنے آدمیوں کو لے لیتی ہے ۔ اور حکومت کاپلہ بھاری ہوجاتا ہے ۔ اگر اسطرح ہوتا رہے تو حکومت اورگرام پنچایتوں کا کام چلانا مشکل ہوجائیگا ۔

الکشن ہوکر سات آٹھ مہینے ہوچکے ہیں اب تک انکو جو اماونٹ (Amount) ملنا ہے نہیں ملا ۔ جو لوگ الکٹ (Elect) ہوئے ہیں انتک انکا کوئی آفس نہیں ہے ۔ انکو یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ انکو کیا کام کرنا ہے ۔ گیورائی میں چند ہوشیار لوگوں نے کہا کہ تم کو لاٹھی لیکر رات بھر گاؤں کی نگرانی کرنا ہے تو ایک بیچارا لاٹھی لیکر رات بھر گاؤں میں پھرتا اور گاؤں کی نگرانی کرتا رہا ۔ اور یہ لوگ آرام سے سوتے رہے ۔ کوئی قانون اورکوئی لٹریچر نہیں ملتا ۔ میں نے دریافت کیا کہ گرام پنچایت کی پاس کوئی لٹریچر (Literature) ہےکیا تو جواب ملاکہ کوئی لٹریچر نہیں ہے ۔ میں چونکہ وکالت کرتا ہوں اس لئے میں نے اس کے متعلقہ ایکٹس پڑھے ہیں ۔ گورنمنٹ کی طرف سے بھیجے کیلئے کوئی لٹریچر نہیں ہے ۔ یہ چیزیں اگر آپکو واقعی کرنی ہیں تو صحیح اسپرٹ کے تحت کرنی چاہئیں ۔ اسمیں پارٹی کا خیال نہ کرنا چاہئے ۔ چاہے حکومت کیسی پارٹی کی ہو ۔ کوئی پارٹی اگر اپوزیشن میں ہو تو وہ رشیا یا چین کی حکومت تو نہیں لائےگی ۔ میں آخر میں یہ عرض کرتے ہوئے کہ سروے ڈپارٹمنٹ غیر ضروری ہے اپیل کرونگا کہ آنریبل منسٹر متعلقہ اس بارے میں غور کریں ۔

श्री भगवानराव बोराळकर (वसमत जनरल) माननीय अध्यक्ष महाराज, मी आज जो कटमोशन सभागृहासमोर आणली आहे तिचा मुख्य अुद्देश असा आहे की आजकाल म्युनिसिपालट्या व स्थानिक स्वराज्य सस्था याचा कारभार कसा चालतो हे मला दाखवून द्यावयाचे आहे माझ्या परभणी जिल्ह्यात आतापर्यंत तेथील म्युनिसिपालटीकडून कोणत्याच प्रकारचे म्हणण्यासारखे लोकोपयोगी कार्य झाले नाही परभणी शहरात पाहिले तर आपणास असे दिसून येअील की तेथील लोकाना प्यायला तरी पुरेसे पाणी मिळू शकेल अशी व्यवस्था देखील तेथील म्युनिसिपालटीने केलेली नाही त्याचप्रमाणे बहुतेक म्युनिसिपल कामगाराची स्थितीहि फार खराब आहे निदान परभणी, बसमत, व पूर्णा या ठिकाणाविषयी तर मी आपल्याला निश्चितपणे सागू शकतो की तेथील अधिकारी कामगाराना फार छळतात, व त्याच्याकडून आपल्या घरचे खाजगी काम करून घेतात तेथे जे दरोगा वगैरे अधिकारी असतात ते म्युनिसिपालटीतील कामगाराना जबरदस्तीने आपले खाजगी काम करावयाला लावतात व न केल्यास त्याना धाकदपटशा दाखवून काम करून घेतात पूर्णेला जी टाअून कमिटी आहे ती खरोखरच काय काम करते हे आपण पाहिले तर आपणास असे दिसून येअील की या टाअून कमिटिचे काम व्यवस्थितपणे चालू नाही येथील अेकदर कारभाराविषयी योग्य प्रकारे चौकशी करावी, अशी विनती आम्ही माननीय मत्र्याना केली होती पण त्या बाबतीत आम्हाला अजून काहीच कळले नाही पूर्णेच्या म्युनिसिपालटीची अशी पद्धति आहे की तेथे कामगाराची नेहमी टेंपररी नेमणूक केली जाते, आणि जे कामगार अधिकाऱ्याच्या घरी त्याचे खाजगी काम करण्यास तयार असतील अशाचीच नेमणूक करण्यात येते अशा प्रकारच्या नेमणूका दर अेक दोन महिन्यानी होत असतात याचप्रमाणे रस्त्यावर ज्या बत्त्या लावण्यात येतात त्या जेमतेम दोन तीन तास राहतात व मग बद होतात सरकार म्युनिसिपालट्या व टाअून कमिटया याच्यावर जो पैसा खर्च करते त्याचा योग्य प्रकारे अुपयोग झाला पाहिजे सरकार जो पैसा खर्च करते तो लोकाच्या खिशातून येतो त्या दृष्टीने लोकाना त्याचा योग्य व भरपूर फायदा मिळाला पाहिजे ही गोष्ट दृष्टीसमोर ठेवून म्युनिसिपालट्याचे काम चालले पाहिजे

दुसरी गोष्ट मला जी सागावयाची आहे ती ही की परभणीसारख्या जिल्ह्याच्या ठिकाणी तरी चागल्या सडका असणे आवश्यक आहे, आणि शक्यतितक्या लौकर त्या तयार झाल्या पाहिजेत गेल्या तीन वर्षापासून ही सडक तयार होत असल्याचे आम्ही अैकतो आहो, पण आजपर्यंत ती सडक तयार झालेली नाही

त्याचप्रमाणे म्युनिसिपल कामगाराविषयी बोलावयाचे तर त्याना केवळ ३० रुपये पगार मिळतो कोणत्याहि प्रकारची पार्टीबाजी न आणता त्याच्या पगारात वाढ करण्याची फार आवश्यकता आहे त्याची स्थिती सुधारण्याकरिता अधिकाधिक प्रयत्न केले पाहिजेत, आणि त्याना अधिकाधिक सवलती दिल्या गेल्या पाहिजेत ज्या प्रमाणे मुबअी, मध्यप्रदेश आणि मद्रास वगैरे ठिकाणी म्युनिसिपालट्याचे काम चालते, आणि तेथे ज्या सुधारणा या खात्यातून वेळोवेळी करण्यात येतात, त्याच्याकडे लक्ष देअून या खात्यात योग्य त्या सुधारणा करण्याचे काम सबधीत मत्री करतील अशी आशा व्यक्त करून मी आपले भाषण सपवतो

شری اابجی راؤ گوانے:- مسٹر اسپکرسر - میں نے جو کٹ موس بیس کیا ہے وہ سٹی امپرومنٹ بورڈ (City Improvement Board) کی حدتک ہے - میں نے یہ کٹ موشن اس خیال سے پیش کیا ہے کہ سٹی امپرومنٹ بورڈ جو ایک علحدہ

* Confirmation not received.

ڈپارٹمنٹ ہے اسکو پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی (P.W D.) میں ضم کردیاجانا چاہئے ہورنگ اسکیم (Housing Scheme) کنسٹرکشن آف روڈس ، (Construction of Roads) اکوزیشن آف بلڈنگس(Acquisition of Buildings)انکے بارے میں گوروالا کمیٹی کی رپوٹ دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ گور والا کمیٹی نے بھی سفارش کی ہے کہ ہمارے سٹی امپروومنٹ بورڈ کے ڈپارٹمنٹ کو علحدہ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے ، اسکو پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی میں ضم کرنا چاہئے ۔ رنٹ کلکشن (Rent Collection) کاکام میونسپل کارپوریشن (Municipal Corporation) یا کسی دوسرے محکمہ سے لیا جاسکتا ہے ۔ اس محکمہ میں سپرنٹنڈنگ انجینیر (Superintending Engineer)کی ضرورت نہیں ہے صرف ایک اگزیکیٹیو انجینیر (Executive Engineer)کافی ہے جو اس ڈپارٹمنٹ کو چلاسکتا ہے ۔ ٹاؤن پلاننگ کا (Town Planning) کام بھی میونسپالٹی یا کسی اور محکمہ کےسپرد کیا جاسکتا ہے ۔ ٹاؤن کمیٹی(Town Committee) میونسپالٹی اورگرام پنچایتوں کےلئے جو نامینیشن رکھے گئے ہیں انکے متعلق عرض ہے کہ ڈیموکریسی کا دعوی کرنے والے پاپولر گورنمنٹ کے ارکان کو میں چیلنج دیکر کہتا ہوں کہ انتخابات محض اسلئے نہیں کئے گئے ہیں کہ اگر ایک پارٹی کے لوگ آئینگے تو ہاؤس میں زیادہ کرٹی سزم (Criticism) ہوگا لہذا ہاؤس کا یہ سشن ختم ہو جانے کے بعد انتخابات کئے جانے والے ہیں ۔ باہرگڑبڑ کریں توکرلیں دو لیکن ہاؤس میں نوکرٹیسیزم (Criticism) نہیں ہوگا ۔ (تالیاں) ہمیں یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ کن لوگوں کو نامینیٹ کیا جاتا ہے ۔ کلکٹرس گھبراتے ہیں کہ کہیں گورنمنٹ میں اون کے خلاف شکایت نہ ہو جائے ۔ خاص طور پر میں پربھنی کے متعلق کہونگا کہ کسان مزدور پارٹی سے کواپریشن (Co-operation)توکیا کسی ادھیکاری (अधिकारी) سے بات چیت بھی کی گئی تو شکایت ہو جائےگی ۔ منسٹروں کا یہ خیال ہے کہ ذرا سی کوئی شکایت آ جائے تو بڑی فراخدلی کے ساتھ کام لیتے ہیں ۔ اوس ملازم کا تبادلہ جھٹ پٹ ہو جاتا ہے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اس طریقہ سے کام نہیں ہوسکتا ۔ نامینیشن کےلئے جو خاص طور پر سکشن رکھا گیا ہے اسکا خیال رکھنا چاہئے ۔ آپ میارٹی کو میجارٹی میں لاسکتے ہیں ۔ کیا آپکو معلوم ہے کہ کیا ہوا ؟ ہوا یہ کہ ۱۲ لوگوں میں سے ۹ کانگریس کے آئے اور ۱۲ دوسری پارٹی کے آئے ۔ ہمکو معلوم ہے کہ کیوں نامینیٹ (Nominate) کیا جا رہا ہے ۔ گورنمنٹ کو یہ خوف ہے کہ اگر انتخاب ہوا تو اس ہاؤس میں یہ لوگ آئینگے اورکرٹیسائیز (Criticise) کرینگے ۔ دوسرا سشن جب چار پانچ مہینے کے بعد ہوگا تب دیکھا جائیگا ۔ اس وقت تو ہاؤس میں گرما گرمی نہیں ہوگی ۔ میں رولنگ پارٹی (Ruling Party)کو چلینج (Challenge) دیکر کہونگا کہ یہ کامیابی کا ایک ڈھنگ نکالا گیا ہے ۔ کھانے کے دانت اور ہیں اور دکھانے کے اور ہیں ۔ میں اسبارے میں پرزور اپیل کرونگا کہ میونسپل الکشنس (Municipal Elections)میں اس طرح کی ان ڈیموکریٹک (Undemocratic) چیزوں کو دور کیا جائے ۔

مسٹر اسپیکر - میں سمجھتا ہوں کہ وقت بہت ہوچکا ہے - اب آنریبل مسٹر متعلقہ کو ریپلائی (Reply) کا موقع دینا چاہئے -

श्री. माणिकचद पहाडे मुझे भिस बारेमे कुछ कहना है। अगर भिजाजत हो तो

مسٹر اسپیکر - افسوس ہے کہ وقت نہیں ہے - اگر ہاؤس اس پر آمادہ ہے کہ باقی منسٹرس کے ڈیمانڈس ویسے ہی رکھدئے جائیں تو عذر نہیں ہے - بہر حال ۱۰ منٹ کا وقت دیا جاتا ہے - اس وقت میں دو اسپیکرس ۵ - ۵ منٹ لے سکتے ہیں -

شری لکشمن گونڈا - یہ صحیح ہے کہ گورنمنٹ اس مد پر کافی روپیہ خرچ کر رہی ہے لیکن افسوس ہے کہ الکشن سچ مچ جمہوری طریقے پر نہیں ہوا - مجھے بھی شکایت ہے - مخالف پارٹی اپنا پرچار اس طرح کرتی ہے کہ خود الکشن کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے - ایسے لوگ جنہیں جمہوریت پر اعتقاد نہیں وہ جمہوریت کا دعوی کرکے اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں - مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اپنی پارٹی کا پروپیگنڈہ کرنے کے لئے ہی اس قسم کی باتیں کہدی جاتی ہیں - الکشن میں علی الاعلان کہا جاتا ہے کہ نہرو کو ختم کیا جائیگا - انکے بدن سے چیل بنائی جائے گی - لیکن افسوس ہے کہ - . . . . . .

(Protest by opposition)

Mr. Speaker : Order Order.

شری لکشمن گونڈا (آصف آباد - عام) - میں ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں - حالیہ میونسپل الکشن کے دوران میں نلگنڈہ میں عورتوں کو جمع کرکے انکو ٹیکہ لگایا گیا - اور کہا گیا کہ اگر الکشن میں تم ہمکو ووٹ نہ دو تو تمہارا سہاگ نہیں رہیگا - یہ ٹیکہ نہ لگیگا - . . . .

(Protest by opposition)

شری داجی شنکر - میں چیالنج کرتا ہوں یہ جھوٹا الزام ہے -

شری ا باجی راؤ - کیا آپ عورتوں کے نام بتاسکتے ہیں ؟

شری لکشمن گونڈا - مجھے ڈسٹرب (disturb) نہ کیا جائے - میں ثابت کرنے کیلئے تیار ہوں -

Dr. Channa Reddy : When hon. Members of opposition were making all kinds of remarks, there was no interruption from this side of the House. I would request you, Sir, to order that there should be no interruption while any hon. Member is addressing the House.

شری لکشمن گونڈا - اسی طرح میونسپل الکشن کی کارروائیاں ہوئی ہیں - میٹنگس (Meetings) میں تین تین مرتبہ لاری لیجاکر انتشار کی کوشش کی گئی اور لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ گڑبڑ مچائی گئی - نامنیشن کے بارے میں بھی بہت کچھ کہا گیا - میں یہ کہونگا کہ نامنیشن بالکل ڈیموکریٹک میتھڈ (democratic Method) پر ہے -

Shri Annaji Rao I think this is your Democracy.

Mr. Speaker: The hon Member has no business to interrupt the other hon Member while he is speaking.

شری لکشمن کونڈا - یہاں جو جمہوری حکومت عام انتخابات کے بعد آئی ہے وہی عوام کی نمائندہ حکومت ہے - اور وہ اپنی طرف سے اسپیس (Nomination) کا حق رکھتی ہے اور یہ غیر جمہوری نہیں - اسی لحاظ سے پنچایت کمیٹی کے الکشنس بھی ہوتے ہیں - جب ہزاروں لاکھوں لوگوں نے ووٹ دیکر ایسے نمائندوں کو منتخب کیا ہے اور ان عوامی نمائندوں نے حکومت بنائی ہے تو ان عوامی نمائندوں کی جانب سے نامینیشن ہوسکتا ہے اور یہ بجا طور پر ڈیموکریٹک پرنسپل (Democratic Principle) پر مبنی ہے - یہ کوئی شاہی نمائندگی نہیں ہے - اس میں شک نہیں کہ پنچایت کو مکمل اختیارات دئے جانے چاہئیں - لیکن کئی پنچایتیں ایسی ہیں جو برابر کام نہیں کرسکتیں یہ تو حکومت کا کام نہیں کہ ہر گاؤں میں جا کر اس کے لئے ٹریننگ (Training) دے - یہ عوامی اداروں کا کام ہے کہ وہ عوام کو جگائیں اور جمہوریت کے تخیل سے صحیح طور پر انہیں واقف کرائیں - لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اس میں بھی جھگڑے اٹھائے جاتے ہیں - مجھے یقین ہے کہ آنریبل منسٹر کنسرنڈ (hon. Minister Concerned) بہت ہی سخت منرس (Measures) اڈاپٹ (Adopt) کرینگے ....

مسٹر اسپیکر - آپ کا وقت ختم ہوچکا ہے -

श्री. माणिकचद पहाडे (फुलम्री) अध्यक्ष महोदय हाअुस के सामने अभी जो बहसे हुअी है और कटमोशन्स लाये गये है अिनके मुतालिक मै यह कहूगा कि यह नुकताचिनी की गर्जसे हो रहा है। जिन्हे जमहुरियत पर ही विश्वास नही है वह जमहुरियत की बाते क्यो करते है। ?

यह कहा गया कि अगर अिसतरहसे नॉमिनेशन (Nomination) किया जाय तो, कॉन्स्टिटयुशन (Constitution) ही फेल हो जायेगा। विरूद्ध नेता की कोअी बात निश्चित नहीं है। कारण १९३९ मे जो युद्ध शुरू हुआ अुस को आप अिपेरिअल वॉर कहते थे। और जर्मनीने रशियापर हमला करते ही वह जनता युद्ध बन गया। अिस तरह आपकी व्याख्या मोके के अनु-सार बदलती है। और अिसी तरह आप कॉन्स्टिटयूशनल कराअीसेस (Constitutional crises) करने के लिये कहते है। पहले डेमॉक्रेसी की तारिफ तो निश्चित कर लिजिये। क्योकि अिसके बगैर गव्हर्नमेंट भी आपके कहने पर क्यो गौर कर सकेगी ?

डिमाडस (Demands) के बारे मे मुझे यह कहना है कि यह जो ७१ लाख रुपये मागे जा रहे है वह जियादा तर शहर हैदराबाद और सिकदराबाद के लिये ही है। बाकी के जो म्युनिसिपालिटीज और लोकल बोर्ड है अिनके लिये सिर्फ ८ लाख रुपये रखे गये है। सोला डिस्ट्रिक्टस के लिये जियादा रकम दी जानी चाहिये थी। दो शहरो के लिये बजेट मे ४१ लाख रुपये है। मै समझता हूं कि अिन शहरो मे जियादा से जियादा १४ लाख की आबादी होगी। बाकी देढ करोड आबादी के लिये अिस कदर कम रकम रखी जाती है। वहा के लोग भी टॅक्स अदा करते है। अिनके लिये भी सहूलते दी जानी चाहिये। सिकदराबाद और हैदराबाद मे कॉरपोरेशन्स है अिन्हे खुद अपना खर्चा चलाना चाहिये। अिसके बजाय गरिबो पर यह बोझा डालना मुनासिब नही।

چیف منسٹر (شری بی - رام کسن راؤ) - میں اس بحث میں مداخلت کرنا نہیں چاھتا تھا - لیکن اس مسئلہ پر جانبین میں جو کسی قدر درمیں کلامی ہوئی ھے اسکے مد نظر مجھے ایسا محسوس ہوا کہ مجھے بھی مداخلت کرنی چاھئے - باقی اعتراضات سے میرا کوئی سمبدھ (सबंध) نہیں ھے - اس کا جواب منسٹر صاحب متعلقہ دینگے - یہ اعتراض کیا گیا کہ میونسپل الکسس میں گورنمنٹ نامینیشن پاور (Nomination Power) کسطرح استعمال کرسکتی ھے - میں صرف یہ بتاؤنگا کہ الکسس میں گورنمنٹ کو جو نامینیس کا پاور دیا جاتا ھے اس کا مطلب یہ رھتا ھے کہ گورنمنٹ ان لوگوں کے سوا جو کسی طریقے سے منتخب ہو کر آئے ھیں ایسے لوگوں کی بھی نمائندگی کا اہتمام کرے جو اس سے تعلق رکھتے ہوں -

شری - اے - راج ریڈی (سلطان آباد) - طریقہ کی وضاحت کی جائے تو بہتر ھے -

Mr. Speaker · No interruption, please.

شری بی - رام کسن راؤ - اگر آپ اچھی طرح سنیں تو معلوم ہو جائیگا - گورنمنٹ کو نامینیس کا جو پاور ہوتا ھے اس کا مقصد یہ ھے کہ اتنک جو لوگ ان ریپریزنٹڈ (Un-represented) ھیں ان کو موقع دیا جائے - آپ کا یہ مطالبہ کہ پروپورشن (Proportion) کے لحاظ سے نامینیس ہونا چاھئے غلط ھے - یہ آبجکٹ (Object) غلط ھے - ایسی پارٹیز جو مینارٹی (Minority) میں آئی ھیں گورنمنٹ پر نکتہ چینی ضرور کرسکتی ھیں - لیکن اگر یہ مطالبہ کیا جائے کہ ہم چونکہ میناٹی میں چن کر آئے ھیں ھمیں نامینیٹ (Nominate) کرنا چاھئے ، یہ صحیح نہیں ہوگا - میں اتنا وسواس دلانا چاھتا ہوں کہ حکومت نامینیشن میں اصول کو پیش نظر رکھے گی اور کبھی نا انصافی سے کام نہیں کرے گی - چنانچہ جہاں تک مجھے معلوم ھے اب تک ایسی شکایت وصول نہیں ہوئی ھے کہ حکومت نے اس اصول کی خلاف ورزی کرکے کہیں طرفداری سے کام لیا ھے - میں یہ وشواس دلانا چاھتا ہوں کہ میں نے جس اصول کو بیان کیا ھے اسی کے تحت کام کیا جائیگا - (Law)

مسٹر اسپیکر - اب آنریبل منسٹر فار لوکل سلف گورنمنٹ کو موقع دیا جائیگا -

شری جے - بی - متیال راؤ - میں ھاؤس سے صرف یہ پرارتھنا (प्रार्थना) کرونگا کہ آنریبل منسٹر کی اسپیچ (Speech) کے وقت انٹرپٹ (Interrupt) نہ کریں -

لوکل سلف گورنمنٹ منسٹر سری انارا وگی مکھی - اسقدر گرمی کے بعد میں کچھ ٹھنڈے پن ھی سے بولنا چاھتا ہوں تاکہ گرمی کچھ کم ہوجائے - میں پہلے پنچایت کے متعلق کچھ کہونگا - ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے میں نے کہا تھا کہ پنچایتوں کی فنکشنگ (Functioning) شروع ہوچکی ھے - فنکشننگ کے معنی آنریبل ممبر نے یہ لئے ھیں کہ کنویں کھدوانا یا سڑکیں ڈالنا وغیرہ - لیکن اسکا مطلب یہ نہیں -

فکسسنگ اس معنے میں ہے کہ الکشن ہوئے کے بعد کمیٹی تشکیل دیجاتی ہے ، اسکے بعد سرپنچ اور ڈپٹی سرپنچ چنے جاتے ہیں اور پھر مختلف ٹیکسس کے بارے میں غور کیا جاتا ہے ۔ اسمیں شک نہیں کہ جیسا کہ آنریبل ممبرس اور گورنمنٹ چاہتی ہے اس نمونہ پرکام نہیں ہورہا ہے ۔ کیونکہ پنچایت کے بارے میں ہمارا تجربہ بہت تھوڑا ہے ۔ الکٹورل رولس (Electoral Rolls) وغیرہ سنہ ۱۹۵۲-۵۱ء میں بنائے گئے ہیں ۔ جسطرح کسی بچہ کو دوسرے ہی دن پہلوان نہیں بنایا جاسکتا اسی طرح پنچایتوں کا بھی حال ہے ۔

اب سبسیڈی (Subsidy) کے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سنہ ۱۹۵۲-۵۱ء کے ۵ لاکھ روپیے لیپس (Lapse) ہونے والے تھے ۔ میں نے فینانس منسٹر صاحب کو خاص طور پر متوجہ کر کے منظوری حاصل کی ، اور ۱۷۳ گرام پنچایتوں کیلئے کلکٹرس کے پاس یہ سبسیڈی بھیج دی گئی ہے ۔ اسیطرح کہاں کہاں سے ٹیکسس کے پروپوزلس (Proposals) وصول ہوچکے ہیں اور کہاں کہاں کام ہورہا ہے وہ میں آپکے سامنے پڑھکر سنانا ہوں ۔

اورنگ آباد	۱۲
پربھنی	۰
ناندیڑ	۱۵
گلبرگہ	۹
بیدر	۰
نظام آباد	۱۴
بیڑ	۹
ورنگل	۲
نلگنڈہ	۱۸
رائچور	۲۸
میدک	۸
کریم نگر	۱۲
عادل آباد	۱۸
حیدر آباد	۰
محبوب نگر	۱۱

اس طرح جملہ ۱۱۰ پنچایتیں فنکشن (Function) کر رہی ہیں ۔ لیکن ان پنچایتوں کا کام صرف باؤلیاں کھدوانا ہی نہیں ہے ۔ ان پنچایتوں کو سب سے پہلے گورنمنٹ سبسیڈی کیضرورت ہوتی ہے اور اسکے بعد ٹیکزیشن (Taxation) کا سوال پیدا ہوتا ہے ۔ چونکہ گورنمنٹ کی سبسیڈی ابھی ملی ہے اور ٹیکسس وصول کئے جارہے ہیں اسلئے ہم کو پیشنس (Patience) اور صبر سے کام لینا چاہئے ۔ کیونکہ اس کام کے شروع کرنے میں بہت سی دشواریاں ہیں ۔ یہ بات نہیں ہے کہ ہمارے گاؤں والے بھائی نامینیشن کس کو کہتے ہیں ، نہیں جانتے ۔ جیسا کہ ہم

جاتے هیں کہ همارے جنرل الکشنس میں ایک دوسرے پر کتنا گرد و غبار اڑایا - یہاں ویسا نہیں هونا چاهئے -

پنچایت اسٹاف (Panchayat Staff) کے بارے میں میں یہ عرض کرونگا کہ بہت هی مختصر سے اسٹاف سے کام لیا جارها هے - اسمیں ۱۶ انسپکٹرس اور ضروری عملہ هے - یہی لوگ صوبہ پنچایت آفیسرس بھی هیں - اور ان هی سے گرام پنچایت کا کام بھی لیا جارها هے اور یہ غور کیا جارها هے کہ کن کن مقامات میں کن کن چیزوں پر ٹیکس عائد کئے جاسکتے هیں - اسلئے میں عرض کرونگا کہ ٹیکسنگ آهستہ آهستہ هورهی هے - لیکن اصل کام ڈسکریشنری (Discretionary) اور لازمی اختیارات کے تحت شروع هوگا - اسلئے همیں صبر سے کام لینا چاهئے -

نامینیشن کے بارے میں مجھے یہ کہنا هے کہ پولیٹیکل پارٹیز (Political Parties) کو اسمیں نہ لایا جائے - گرام پنچایت کے سلسلہ میں یہ اعتراض کیا گیا کہ یہ ان ڈیموکراٹک (Undemocratic) هے اور اسمیں فیوڈل ایلیمنٹ (Feudal Element) هے - اور ایک طرف یہ اعتراض کیا جاتا هے کہ نامینیشن نہ هونے چاهئیں اور دوسری طرف یہ پوچھا جاتا هے کہ کام اب تک کیوں نہیں شروع کیا گیا - نامینیشن کے بارے میں میں یہ کہنا چاهتا هوں کہ اسمیں صرف کانگریس پارٹی کو نہیں لیا جائیگا بلکہ اس میں هر شیڈ آف اوپینین (Shade of opinion) کے لوگوں کو لیا جائیگا -

شری اناجی راؤ گوانے - آنریبل ممبر اگر یہ جواب دیتے کہ نامینیشن کو نکال دیا جائیگا تو بڑی خوشی هوتی -

شری انا راؤ - میں اسکا جواب یہ دیتا هوں کہ نامینیشن کے اصول پر هی تو آپ الکٹ (Elect) هوئے هیں - لیکن جہاں اس سے آپکو فائدہ هے وهاں اس اصول پر کام کرتے هیں اور جہاں آپکو اس سے فائدہ هو وهاں اسکو چھوڑ دینا چاهتے هیں -

شری اناجی راؤ گوانے - تاکہ پورے آپ کے ممبرس آئیں -

شری انا راؤ - جب تک الکشن کا پروسس (Process) موجود هے اور قانون میں کوئی ترمیم نہیں کیجاتی ، ایسا هی هوگا - اگر قانون میں کوئی خامی هے تو پرائیویٹ بل (Private Bill) بھی لایا جاسکتا هے جس پر ڈسکشنس (Discussions) هوسکتے هیں - نامینیشن کے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا هے کہ الکشن لڑنے کیلئے بہت زیادہ وزڈم (Wisdom) یا قابلیت رکھنے والے شخص کو کھڑا نہیں کیاجاتا بلکہ اس شخص کو کھڑا کیا جاتا هے جو پاپولر (Popular) هے - اسلئے نامینیشن کا اصول یہ هے کہ اکسپرٹس (Experts) ، قابلیت رکھنے والے اور قانون جاننے والوں کو کمیٹی میں رکھا جائے - نامینیشن کا منشاء یہی هوتا هے اور نامینیشن کا اصول بھی یہی هوتا هے - چنانچہ بمبئی اور مدراس میں بھی یہی

اصول رکھا گیا ہے ۔ یہاں ایک چیز میں یہ عرض کرونگا کہ گورنمنٹ کے ڈلیگیٹیڈ پاورس (Delegated powers) ہوتے ہیں اورگورنمنٹ نے انکو کانسٹیٹیوس کے تحت یہ اختیار دیا ہے ۔ اور اسٹیٹ گورنمنٹ یہ چاہتی ہے کہ چھوٹی چھوٹی نامون میں ڈی سنٹرلائزیس (Decentralisation) کے تحت عمل ہو۔ لیکن اب یہ کہا جاتا ہے کہ اسمیں فیوڈل الیمنٹ ہے ۔

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے ۔ آنریبل منسٹر غلط سمجھ رہے ہیں ۔ میرا کہنا ہے کہ نامینیشن کا اصول نہ ہونا چاہئے ۔

شری انا راؤ ۔ نامینیشن ہو یا نہو وہاں ذمہ داری اور سرویس موٹیو (Service motive) کا سوال ہے ۔ وہاں کوئی منسٹری قائم کرنے کا مقصد تو نہیں ہوتا ۔ اسلئے نامینیشن سے کانگریس کو بھی کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔ اور نہ کسی اور پارٹی کو فائدہ ہوگا ۔ اسلئے کہ اسمیں پارٹی موٹیو (Party Motive) نہیں بلکہ سرویس موٹیو ہے ۔ نامینیشن کو اس نکتہ نگاہ سے دیکھنا چاہئے ۔

آنریبل ممبر نے کہا تھا کہ نامینیشن سے حیدرآباد میں کانسٹیٹیوشنل کرائسس (Constitutional Crisis) پیدا ہوگا ۔ میں پوچھونگا کہ جس قانون میں نامینیشن کی بات نہیں اسکا سہارا لیکر الکسن کیوں لڑا گیا ؟

شری وی ۔ ڈی۔ دیشپانڈے ۔ شائد کانگریس نے بھی سنہ ۱۹۳۵ع میں ایسا ہی کیا تھا ۔ کیا آپکو معلوم ہے ؟

شری انا راؤ ۔ جب قانون موجود ہے تو اسکی پابندی کرنی چاہئے اور اگر قانون میں کوئی نقائص موجود ہیں تو اسکے لئے آپ امنڈمنٹ (Amendment) لائیے ۔ گورنمنٹ اسکو ضروری سمجھے تو ضرور منظور کریگی ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ بمبئی اور مدراس ....

Mr. Speaker: No arguments, please.

شری وی ۔ ڈی۔ دیشپانڈے ۔ پوائنٹ آف انفرمیشن (Point of information) بمبئی اور مدراس میں کیا ہورہا ہے ؟

شری انا راؤ ۔ قانون میں جب تک ترمیم نہ ہو ہم نامینیشن کے طریقہ پر کام کرینگے (This is not my law or your law.) جس قانون کے تحت ہمارے الکشنس ہوئے اس قانون کی پابندی نہ صرف گورنمنٹ کو کرنی ہے بلکہ اپوزیشن کو بھی کرنی چاہئے ۔ اسلئے میں خاص طور پر اپوزیشن لیڈر سے یہ التجا کرونگا کہ ترمیم ہونے تک وہ اس قانون کی پابندی کریں ۔

اسکے بعد چند باتیں الکشن کے بارے میں کہی گئی ہیں ۔ میں عرض کرونگا کہ الکشن کے سلسلہ میں الیگیشنس (Allegations) اور کاونٹر الیگیشنس

(Counter-allegations) ہوئے ہیں اور ناہیس کے سلسلہ میں ووڈرس لسٹ کے بارے میں جو کہا گیا اسکا تعلق جیسا کہ لا اینڈ آرڈر (Law and order) سے ہے اور پولیس اور عدالت سے ان کا تعلق ہے اسلئے میں ان کا جواب دینے سے قاصر ہوں ۔ اسکے بعد دوسرے آنریبل ممبروں نے جو فائر سروس (Fire Service) وغیرہ کے متعلق اعتراضات کئے ہیں انکے جواب میں میں یہ عرض کرونگا کہ یہ تو اعتراضات نہیں بلکہ اپنی ضروریات کا اظہار کیا گیا ہے ۔ میں عرض کرونگا کہ ہمارے پاس حیدرآباد میں ۵ ڈسٹرکٹس میں ٦ فائر سروس کام کررہے ہیں ۔ آنریبل ممبر جنہوں نے کٹ موشن پیش کیا ہے کہتے ہیں کہ ہر ایک ڈسٹرکٹ میں ایک فائر سروس ہونی چاہئے ۔ میں واقعی طور پر ان کی اس ضرورت کی تائید کرتا ہوں اور اس بارے میں اگر ہم کو فینانس ملے تو ہر ایک ہیڈ کوارٹر (Headquarter) میں خصوصاً ایسے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرس میں جہاں عمارتی اور دوسری سہولتیں زیادہ مہیا ہیں اسکے قیام کے متعلق غور کرینگے ۔

ٹاؤن پلاننگ سروے (Town Planning Survey) کے متعلق بھی کچھ اعتراضات ہوئے ہیں اور اس کو پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی (P.W.D.) سے ملادیے کے متعلق کہا گیا ہے ۔ میں اسکے متعلق یہ عرض کرونگا کہ میجر اسکیمس (Major Schemes) ہر سال اس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے لائی جارہی ہیں ۔ اور وہ یہ ہیں ۔

Industrial Labour Housing Scheme at Musheerabad.
Extension schemes for Mallepally and Mukarram Bagh, Hyderabad City.

Master Plan for Khammam for a population of 40,000 persons.

Extension scheme to the old town of Ibrahimpatnam, Master Plan for Aurangabad and Jalna Housing schemes for Kopbal and Mahbubnagar. Housing schemes for the different localities of Secunderabad

Improvement scheme—Charminar area

Gunj schemes for Yadgir, Latur Road, Bhongir, Kopbal and Suryapet.

About a dozen new village schemes for the rehabilitation of persons under the development of the Tungabhadra Project.

Cinema Halls at Sangareddy, Jammikunta, Jalna, Purli and Khammam

Designs for village dispensaries, Maternity and Welfare Hospitals.

Ryot sheds at Gunj in the districts.

Design for Laboratories at Aurangabad and Raichur.

Design for Town Hall at Jammikunta.

Design for Gandhi Bhavan.

People's College, Nanded.

Numerous designs for middle class and labour housing. Architectural details and working drawings for Princess Neiloufer Maternity Hospital.

اور اسی طرح سے سروے ڈیویژن (Survey Division) ٹاؤن پلاننگ
اور ڈسٹرکٹ واٹر ورکس (District Water Works) کے تحت جو
پارٹی ہے ان سب کا رہنا ضروری ہے ۔ کیونکہ جب تک کسی جگہ کا جہاں واٹر ورکس
کے قیام کی ضرورت ہو میونسپل سروے (Municipal Survey) نہ ہوگا یہ
اندازہ نہیں کیا جاسکے گا کہ اس کا کون سا حصہ اوپر ہے کون سا حصہ نیچے ہے اور
کسطرح پانی لایا جاسکے گا ۔ اسی طرح سڑکوں کی کیسے تعمیر ہوگی ، یہ نہ معلوم ہوسکیگا ۔
جب تک سروے ڈپارٹمنٹ اپنا کام نہ کرے نہ کوئی پلان بنایا جاسکے گا نہ کسی شہر
کوخوبصورت بنایا جاسکے گا ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ چونکہ اس ڈپارٹمنٹ کی عمر صرف پانچ
سال کی تھی لہذا اب اسکو باقی نہ رہنا چاہئے ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ یہ سروے
ڈپارٹمنٹ سروے کر کے ، پلان وغیرہ سب تیار کر کے دیتا ہے اور یہ میونسپالیٹیز
(Municipalities) کا کام ہے کہ وہ اسکی تعمیل کریں ۔ جب ہم کوئی خوبصورت
شہر بنانا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے اوسکی پلاننگ کی ضرورت ہوتی ہے ۔ کوئی ان پلانڈ
(Unplanned) شہر نہیں بنایا جاسکتا ۔ اسی طرح سروے ڈپارٹمنٹ کی ضرورت نہ صرف
میونسپل سروے کے لئے ہوتی ہے بلکہ پروٹکٹڈ واٹر اسکیم (Protected Water Scheme)
کے لئے بھی ضرورت ہوتی ہے ۔ چنانچہ پروٹکٹڈ واٹر اسکیم کے لئے اگر آیندہ سال ہم کو فینانس
مل جائے تو دو تین سال کے اندر ۲۰۰-۱ گاؤں میں پانی سربراہ کیا جاسکے گا ۔ اسی طرح
گورنمنٹ ہر سال ۳-۴ نئے کام اپنے ہاتھ میں لینے کے متعلق سونچ رہی ہے ۔ ٹاؤن پلاننگ
کے متعلق بھی بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ گو ان کے کام کے متعلق بہت سے لوگوں کو شکایتیں
ہیں کہ کرپشن ہے ۔ اسکے متعلق ضروری ریگولیشنس (Regulations) بنائے
جارہے ہیں اور یہ سونچا جارہا ہے کہ سلمپ کلیرنس (Slump Clearance) وغیرہ
کے سلسلہ میں میونسپالٹی کا جو ایریا ہوتا ہے اوس حد تک اون کو اس سلسلہ میں اختیار
دیا جائے تاکہ ڈرافٹسمین (Draftsmen) اور آرکیٹکٹ (Architect)
ان کے کام میں مداخلت نہ کریں اور مکانوں وغیرہ کی تعمیر کے سلسلہ میں کوئی مداخلت
نہ ہونے پائے ۔ میونسپل امپلائیز (Municipal Employees) کے متعلق
ایک اعتراض ہوا ہے ۔ گورنمنٹ میونسپالٹیز کو اس لئے کمپنزیشن دے رہی ہے کہ انکی
فینانشیل حالت اچھی نہیں ہے ۔ اور اسکے علاوہ وہ خود مکتفی بھی نہیں ہیں ۔ اسلئے
انکی یونیفارمٹی (Uniformity) کو قائم رکھنے کے لئے گورنمنٹ گرانٹس
(Grants) دے رہی ہے تاکہ ان کے امپلائیز (Employees) کی حالت
بھی سدھر سکے ۔ میونسپلٹیز کے جو ریزنابل ڈیمانڈس (Reasonable demands)

ہیں انکو پورا کرنے کی کوشش کیجارہی ہے - اوسکے لئے یہ نہیں دیکھا جاتا کہ وہ کس پارٹی کے زیر اثر ہیں اور کس پارٹی کے زیر اثر نہیں - ان کے مہنگائی بھتہ کے متعلق ریگے کمیٹی کی سفارشات کا حوالہ دیا گیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ وہ سفارسات انڈسٹریل لیبر (Industrial Labour) کے متعلق ہیں اور میونسپل اسلائیر کے متعلق ٹرمس آف ریفرنس (Terms of Reference) نہیں دئے گئے ہیں - ہوتا یہ ہے کہ جن میونسپالیٹیز میں استطاعت ہوتی ہے وہ مہنگائی بھتہ کے بارے میں سفارسات پیش کرتی ہیں اور حکومت اسکو منظور کرلیتی ہے -

ایک آنریبل ممبر - باندیڑ کی میونسپالٹی نے ۵ روپئے کے اضافہ کی سفارش کی تھی لیکن صرف ۳ روپیے منظور کئے گئے ہیں -

شری اانار اؤ گی مکھی - یہ مناسب سمجھا گیا کہ تین روپئے اضافہ کئے جائیں - اگر پانچ روپیوں کے لئے زیادہ بیلیس(Balance) ہوتا تو پانچ روپیہ یا اوس سے زیادہ بھی دئے جاتے -

چونکہ میں سب کے جوابات دے چکا ہوں اسلئے اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Mr. Speaker · Now, I shall put the cut-motions to vote:

Demand No 48.—(39-*A*9, *A*-10, *A*-11 *and A*-12) *Hyderabad Drainage, C E, Hyderabad Drainage E E, Hyderabad Water Works, Survey and Town Planning—Rs.* 16,43,550.

Shri K. Srinivas Rao Mr Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw my cut-motion to Demand No. 48.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

Demand No. 62.—(47-*H*) *Fire Service—Rs.* 3,80,850.

Shri Ananth Reddy: Mr. Speaker, Sir, I request that my cut-motion be put to vote

Mr. Speaker: The question is:

"That the Demand under the Head 'Fire Service' be reduced by Re. 1"

The Motion was negatived.

Demand No. 64.—(50-*C*—(5)—*City Improvement Board Rs.* 8,70,900.

Shri K. V. Ram Rao: Mr. Speaker, Sir, I request that my cut-motion be put to vote.

Mr. Speaker The question is

"That the Demand under the Head 'City Improvement Board' be reduced by Rupee 1."

The Motion was negatived

Demand No 75.—Contribution to District Municipalities Rs. 3,75,000

Shri K V Ram Rao Mr Speaker, Sir, I request that my Cut-Motion be put to vote.

Mr. Speaker: The question is

"That the Demand under the Head 'Contributions to District Municipalities' be reduced by Re. 1."

The Motion was negatived

Shri V. D Deshpande. I request that my Cut-Motion be put to vote.

Mr. Speaker. The question is

"That the Demand under the Head 'Contribution to District Municipalities' be reduced by Rupee 1."

The Motion was negatived.

Demand No. 76.—Grants-in-Aid to Local Bodies and Town Committees.—Rs. 4,12,500.

Shri V D. Deshpande: Mr Speaker, Sir, I request that my Cut-Motion be put to vote.

Mr. Speaker. The question is

"That the Demand under the Head 'Grants-in-Aid to local bodies and town committees' be reduced by Rupee 1"

The Motion was negatived

Shri K V. Ram Rao· Mr. Speaker, Sir, I request that my Cut-Motion be put to vote.

Mr Speaker: The question is:

"That the Demand under the Head 'Grants-in-Aid to local bodies and town committees' be reduced by Rupee 1"

The Motion was negatived.

Demand No 79—Charges in connection with the Village Panchayat Act—Rs 39,750

Shri Daji Shanker Rao Mr. Speaker, Sir, I request that my Cut-Motion be put to vote

Mr Speaker · The question is

" That the Demand under the Head ' Charges in connection with the Village Panchayat Act, ' be reduced by Rupee 1"

The Motion was negatived

Shri Shrinivas Rao Mr Speaker, Sir, I request that my Cut-Motion be put to vote

Mr. Speaker : The question is

" That the Demand under the Head ' Charges in connection with the Village Panhyat Act ' be reduced by Rupee 1"

The Motion was negatived.

Shri Shrinivasa Rao I demand division, Sir.

The House divided

AYES 52. NOES 81.

The Motion was negatived.

Demand No 93—*City Improvement Board* (*Rs.* 3,75,000)

Shri K. V. Ram Rao · Mr Speaker, Sir, I want that my Cut Motion be put to vote.

Mr. Speaker The question is ·

" That the Demand under the Head ' City Improvement Board ' be reduced by Re. 1 "

The Motion was negatived.

Demand No. 48—*Hyderabad Drainage, C. E., Hyderabad Drainage, E.E., Hyderabad Water, Works, Survey and Town Planning*— (*Rs.* 16,43,550)

Shri Uddhav Rao Patil Mr Speaker, Sir, I want that my Cut Motion be put to vote.

Mr. Speaker. The question is :

" Thatthe Demand under the Head ' Hyderabad Drainage ' C. E., Hyderabad Drainage, E. E., Hyderabad Water

Works, Survey and Town Planning' be reduced by Rs. 3,01,293."

The Motion was negatived.

Demand No 79—Charges in connection with the Village Panchayat Act—(Rs 39,750)

Shri Uddhav Rao Patil Mr. Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw my Cut Motion to Demand No. 79.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

Demand No. 93—City Improvement Board (3,75,000)

Shri Annaji Rao Gavane : Mr Speaker, Sir, I beg leave of the House to withdraw my Cut Motion to Demand No. 93.

The Motion was, by leave of the House, withdrawn.

Mr. Speaker · Now I shall put all the demands to vote.

The question is :

"That an aggregate sum not exceeding Rs. 71,34,050 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment during the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demands Nos. 22, 48, 62, 64, 74, 75, 76, 77, 79, 90 and 93."

The Motion was adopted :

Mr. Speaker : Will the House like to have a recess of 30 minutes ?

Shri G. Rajaram : Certainly, we would like to have.

Shri V. D. Deshpande : In that case the time has to be extended from 8-30 to 9-30 p.m.

Mr. Speaker · Then we shall continue.

Now the hon. Minister for Law and Endowments will move his demands.

Demand No. 15—(25-*General Administration, F-State Legislative Secretariat, G-State Legislative Assembly)* —*Rs*, 3,48,000.

The Minister for Law and Endowments (Shri Jagannath Rao Chandarki).

Mr. Speaker, Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs 3,48,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 15 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Demand No. 16 (25-*General Administration, C-Elections H-Other Election Charges*)—*Rs* 38,800.

Mr. Speaker, Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs. 38,800 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 16. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Demand No. 24—(25-*General Administration*, 1-10 *Legal Department*)—*Rs.*2 ,76,900

Mr. Speaker, Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs. 2,76,900 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 24. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Demand No. 40–(27-*Administration of Justice*)—
Rs. 35,63,000

Mr. Speaker, Sir, I beg to move " that a sum not exceeding Rs. 35,53,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 40. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The aggregate amount is Rs. 42,16,700.

Mr. Speaker : Motions for Demand Nos. 15, 16, 24 and 40 making an aggregate of Rs 42,16,700, moved.

Now we shall take up the Cut-motions.

Demand No. 16 (25-*G. Elections*, *H-Other Election Charges*)—*Rs.* 38,800.

Shri A. Raj Reddy: Mr. Speaker, Sir, I do not wish to move my Cut-Motion.

Shri V D Deshpande Mr Speaker, Sir, I do not wish to move my cut motion.

Demand No 24—(25-1 (10) *Legal Department*)—
Rs 2,76,900

Shri Ananth Reddy Mr Speaker, Sir, I too do not want to move my Cut Motion.

Demand No 16 (25 *G* & *H*)—*Elections & Other Election Charges*—*Rs* 38,800

Shri Annaji Rao Gavane Mr Speaker, Sir, I do not want to move my Cut Motion

Demand No 40—(27-*Administration of Justice*)—
Rs 35,53,000

Shri Uddhav Rao Patil Mr Speaker, Sir, I do not want to move my Cut Motion

Mr. Speaker: No Cut Motion has been moved Now, we shall havegeneral discussion

(PAUSE)

Mr. Speaker No hon Member wants to discuss

Now, I will put these demands to vote

The question is.

" That an aggregate sum not exceeding Rs. 42,16,700 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand Nos. 15, 16, 24 and 40 "

The Motion was adopted.

(CHEERS).

Mr. Speaker : The hon. Minister for Labour & Information

Demand No 30—*Information & Public Relations Dept.*—*Rs*. 5,77,900

The Minister for Labour & Information (*Shri V B. Raju*):

Speaker, Sir, I beg to move " That a sum not exceeding Rs. 5,77,900 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand

No. 30 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh "

DemandNo 54—*Labour Dept*—*Rs* 5,14,575

Speaker, Sir, I beg to move " That a sum not exceeding Rs 5,14,575 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 54 The Demand has the recommendation of the Rajprakmukh."

Demand No. 58—*Directorate of Resettlement & Employment*—*Rs* 1,79,625

Speaker, Sir, I beg to move

" That a sum not exceeding Rs 1,79,625 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 58 The Demand has the recommednation of the Rajpramukh "

Demand No 26—*Labour Department*—*Rs* 85,700

Speaker, Sir, I beg to move .

"That a sum not exceeding Rs 85,700 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 26. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh "

Mr. Speaker : Motions for Demands Nos 30, 54, 58 and 26 making an aggregate sum of Rs 13,57,800 moved. Now we shall take up cut motions

Demand No 30—*Information & Public Relations Dept.*—*Rs* 5,77,900.

Shri G. Hanumanth Rao · Mr. Speaker, Sir, I beg to move : "That the demand under the Head 'Information & Public Relations Department' be reduced by Rs. 1 to discuss the working and policy of the Informantion & Public Relations Department. "

Mr. Speaker : What is the particular grievance ? Can the hon Member specify ?

Shri G. Hanumanth Rao . I want to discuss the whole Departmental working. It is only a small Department.

Shri V B Raju · The working of the Department can be discussed, but there is no policy for the Department

Mr. Speaker Of course. But the 'working' is also there, which can be discussed. But what is the defect in the working ?

Shri G Hanumantha Rao : The 'Community Radio Scheme. '

Mr. Speaker . Motion Moved :

" That the demand under the Head ' Information and Public Relations Department ' be reduced by Re 1, to discuss the Community Radio Scheme".

Shri V. D. Deshpande . Mr. Speaker, Sir, I beg to move :

" That the demand under the Head ' Information and Public Relations Department' be reduced by Re. 1, to discuss the need for re-organisation of the Department".

Mr. Speaker Motion moved

" That the demand under the Head ' Information and Public Relations Department be reduced by Re 1, to discuss the need for re-organisation of the Department".

Shri Ch Venkat Ram Rao (Karimnagar) : Mr. Speaker, Sir, I beg to move :

" That the demand under the Head ' Information and Public Relations Department' be reduced by Re 1, to discuss the inefficiency, partiality and over-staffed position of the Department of Information and Public Relations."

Mr. Speaker · Motion moved ·

" That the demand under the Head ' Information and Public Relations Department' be reduced by Re. 1, to discuss the working and policy of the Information and Public Relations Department."

Demand No. 54—Labour Department—Rs. 5,14,575.

Shri G. Hanumanth Rao : Mr. Speaker, Sir, I beg to move :

" That the Demand under the Head ' Labour Department ' be reduced by Re. 1, to discuss Labour policy."

Mr. Speaker : Motion moved :

" That the demand under the Head ' Labour Department ' be reduced by Re. 1, to discuss Labour policy."

Shri V D Deshpande : Mr. Speaker, Sir, I beg to move:

"That the Demand under the Head 'Labour Department' be reduced by Re 1, to discuss the working of Distrcit Labour Offices"

Mr Speaker Motion moved

"That the demand under the Head 'Labour Department' be reduced by Re 1, to discuss the working of District Labour Offices"

(*Shri K. V. Narayan Reddy* was absent in the House and hence his Cut Motion was not moved)

Demand No 58—*Directorate of Resettlement and Employment*—*Rs.* 1, 79,625

Shri G. Hanumanth Rao Mr. Speaker, Sir, I beg to move:

"That the Demand under the Head 'Directorate of Resettlement and Employment' be reduced by Re. 1, to discuss policy of Resettlement and Employment"

Mr. Speaker Motion moved

"That the demand under the Head 'Directorate of Resettlement and Employment' be reduced by Re. 1, to discuss policy of Resettlement and Employment."

Shri V D. Deshpande: Mr Speaker, Sir, I beg to move:

"That the demand under the Head 'Directorate of Resettlement and Employment' to be reduced by Re. 1, to discuss the scheme for ex-servicemen."

Mr Speaker. Motion moved ·

"That the demand under the Head 'Directorate of Resettlement and Employment be reduced by Re. 1, to discuss the scheme for ex-servicemen"

Demand No. 26—*Labour Department*—*Rs.* 85,700.

Shri Uddhava Rao Patil: Mr. Speaker, Sir, I beg to move:

"That the demand under the Head 'Labour Department' be reduced by Re. 1, to discuss the policy of the Labour Department in implementing the Labour Acts."

Mr. Speaker Motion moved

"That the demand under the Head 'Labour Department' be reduced by Re. 1"—to discuss the policy of the Labour Department in implementing the Labour Acts

Demand No. 30—Information & Public Relations Department Rs 5,77,900.

Shri Annaji Rao Gavane Mr Speaker, Sir, I beg to move :

"That the demand under the Head 'Information and Public Relations Department' be reduced by Re 1" to discuss the need for economy to abolish the Burrakatha Scheme and the Community Radio Scheme."

Mr Speaker Motion Moved

"That the demand under the Head 'Information and Public Relations Department' be reduced by Re 1" to discuss the need for economy, to abolish the Burrakatha Scheme and the Community Radio Scheme."

Shri Annaji Rao Gavane : Mr. Speaker, Sir, I beg to move .

